(۱۰) ایک حوض بشکل مربع ہے اور اوسکا ضلع بارہ گز ہے اور اوسکے کھودنے مین ۲۳۶ گز مکعب مٹی نکالی گئی تو بتاؤ وہ عمیق کتنا ہوگا
(۲۳۶ گز مکعب × ۲۷) ÷ (۱۲ گز × ۳)^۲ = ۶۳۷۲ فیٹ ÷ (۳۶)^۲
= ۶۳۷۲ فیٹ ÷ ۱۲۹۶ = ۵ فیٹ = جواب

(۱۱) ایک خندق ۵ فیٹ ۶ انچ گہرے اور ۱۰ فیٹ ۸ انچ چوڑے کا کیا طول رکہین جو ۷۰۴۰ فیٹ مکعب مٹی اوسمین سے نکلے

۷۰۴۰ فیٹ مکعب = ۱۲۱۶۵۱۲۰ مکعب انچ مقسوم
اور ۵ فیٹ ۶ انچ × ۱۰ فیٹ ۸ انچ = ۶۶ × ۱۲۸ انچ = ۸۴۴۸ انچ مقسوم علیہ
پس ۱۲۱۶۵۱۲۰ انچ مکعب ÷ ۸۴۴۸ انچ مربع = ۱۴۴۰ انچ = ۱۲۰ فیٹ = جواب

(۱۲) ایک نہر ۷ فیٹ ۳ انچ گہری اور ۲۰ فیٹ ۴ انچ چوڑی ہے اور طول ۱۰ میل تو بتاؤ کسقدر پانی اوسمین سماویگا

۱۰ میل × ۶۳۳۶۰ = ۶۳۳۶۰۰ انچ
۷ فیٹ ۳ انچ = ۸۷ انچ
اور ۲۰ فیٹ ۴ انچ = ۲۴۴ انچ

پس ۶۳۳۶۰۰ × ۸۷ × ۲۴۴ = ۱۳۴۵۰۰۶۰۸۰۰ انچ مکعب
اور ۱۳۴۵۰۰۶۰۸۰۰ انچ مکعب ÷ ۱۷۲۸ =
۷۷۸۳۶۰۰ مکعب فیٹ = جواب

سوالات نمبری (۱۸) متفرق اعمال گذشتہ

(۱) ایک کلدار اشرفی کا وزن ۹۲ رتی ہے تو بتاؤ ۱۰۰۰ اشرفی میں کتنا سونا ہوگا
وزن ۱۰۰۰ اشرفی کا = ۱۰۰۰×۹۲ رتی = ۹۲۰۰۰
= ۱۱۵۰۰ ماشہ = ۹۵۸ تولہ ۴ ماشہ = ۱۹۱ چھٹانک ۳ تولہ ۴ ماشہ
= ۱۱ سیر ۱۵ چھٹانک ۳ تولہ ۴ ماشہ = جواب

(۲) ماہ قمری میں ۲۵۵۱۴۴۳ سکنڈ ہوتی ہیں ٹھیک ٹھیک دن و گھنٹہ اوسکی بتاؤ
۲۵۵۱۴۴۳ سکنڈ ÷ (۶۰×۶۰×۲۴) = ۲۹ دن ۱۲ گھنٹہ ۴۴ منٹ ۳ سکنڈ = جواب

(۳) محیط زمین کا ۱۳ کروڑ ۲۰ لاکھ فیٹ ہے مقدار اوسکے میلوں میں بتاؤ کہ کیا ہے
۱۳۲۰۰۰۰۰۰ فیٹ ÷ ۳ = ۴۴۰۰۰۰۰۰ گز اور چونکہ
۱۷۶۰ گز = ایک میل تو ۴۴۰۰۰۰۰۰ ÷ ۱۷۶۰ = ۲۵۰۰۰ میل = جواب

(۴) ایک فیٹ مکعب پانیکا وزن ۵۰۰ چھٹانک کا ہوتا ہے تو بتاؤ اوس برتن میں جو ہر طرف سے ایک گز ہے کسقدر وزن میں پانی ہوگا
ایک گز مکعب = ۲۷ فیٹ مکعب کے ۵۰۰ چھٹانک × ۲۷
= ۱۳۵۰۰ چھٹانک = ۲۱ من ۳ سیر ۱۲ چھٹانک = جواب

(۵) ۱۹۲۵۰۰ میل روشنی ایک سکنڈ میں چلتی ہے تو بتاؤ آفتاب جسکی روشنی نکلکر زمین پر ۸ منٹ ۱۳ سکنڈ میں پہونچتی ہے زمین سے کسقدر دور ہوگا
۸ منٹ ۱۳ سکنڈ = ۴۹۳ سکنڈ میں فاصلہ = ۱۹۲۵۰۰ میل × ۴۹۳
= ۹۴۹۰۲۵۰۰ = جواب

(۶) ایک ڈاکخانہ میں چار ہفتہ کے اندر ۱۹۰۷۲۱۴ خط بھیجے اور سب پر دو دھیلے کے ٹکٹ چسپاں تھے تو بتاؤ کہ ڈاکخانہ میں کسقدر روپیہ اون ٹکٹوں کا آیا
قیمت ٹکٹوں کی = ۱۹۰۷۲۱۴ ادھیلیان = ۵۹۶۰۳ روپیہ ۹ آنہ = جواب

(۷) اگر دہلی میں جمنا کے پل پر تین ہزار آدمی روز آیا جایا کریں اور فی کس ۳ پائی محصول کی ادا کرے تو آخر سال تمام میں کسقدر آمدنی محصول کی ہوگی
حل ۳۰۰۰ × ۳ = ۹۰۰۰ = آمدنی ہر روزہ کی
سال بھر کی آمدنی = ۹۰۰۰ پائی × ۳۶۵ = ۳۲۸۵۰۰۰ پائی
= ۱۷۱۰۹ روپیہ ۶ آنہ = جواب

(۸) سال شمسی مین ۳۱۵۵۶۹۲۸ سکنڈ ہوتی ہین تو بتاؤ ٹہیک اوسکی مقدار کیا ہے

حل ۳۱۵۵۶۹۲۸ ÷ (۶۰ × ۶۰ × ۲۴) = ۳۶۵ دن
۵ گہنٹہ ۴۸ منٹ ۴۸ سکنڈ = جواب

(۹) ایک برتن مین ۹۰۰۰ جو ہین جب اونہین ۳ کو ایک دوسرے پر کہڑا کرین تو وہ ایک انچ کے برابر ہوتا ہے تو بتاؤ اگر اون سبکو ایک دوسرے پر کہڑا کرین تو کسقدر بلندی کو پہنچیگی

طول سب جوؤن کا جب ایک دوسرے پر کہڑے کیے جاوین = ۹۰۰۰ ÷ ۳
= ۳۰۰۰ انچ اور ۳۰۰۰ ÷ (۳ × ۱۲) = ۸۳ گز ایک فیٹ = جواب

(۱۰) توپ کا گولہ ۱۰۰۰ فیٹ ایک سکنڈ مین جاتا ہی تو چوتہائی منٹ مین کسقدر دور جاویگا

۱۵ سکنڈ = چوتہائی منٹ کے ۱۰۰۰ × ۱۵ = ۱۵۰۰۰ فیٹ یہہ برابر فاصلہ کے جو گولہ طے کریگا ہوگا اور ۱۵۰۰۰ فیٹ ÷ (۳ × ۲۲۰ × ۸) = ۲ میل ۶ فرلنگ ۱۶۰ گز = جواب

(۱۱) آہنی سڑک مین ۲۰۰ من ۸ سیر لوہا ۵ آنہ سیر کا لگا ہوا ہے تو بتاؤ کل قیمت اوس لوہے کی کیا ہوگی

حل ۲۰۰ من ۸ سیر = ۸۰۰۸ سیر اور قیمت =
۸۰۰۸ × ۵ = ۴۰۰۴۰ آنہ = ۲۵۰۲ روپیہ ۸ آنہ = جواب

(۱۲) ۱۱۳۰ فیٹ آواز ایک سکنڈ مین چلتی ہے تو بتاؤ وہ بادل کتنی دور ہوگا جسمین سے آواز گرج کی ۷ سکنڈ بعد پہونچی ہے

حل ۱۱۳۰ × ۷ = ۷۹۱۰ فیٹ فاصلہ بادل کی اور ۷۹۱۰ فیٹ ÷ (۳ × ۲۲۰ × ۸) = ۱ میل ۳ فرلنگ ۲۱۶ گز ۲ فٹ = جواب

(۱۳) طیطوس نے آلہ قلعہ شکن جو اورشلیم پر لگایا تہا اوسکا وزن ۵۰۰۰۰ سیر کا تہا تو بتاؤ طول مین وہ کے من تہا

حل ۵۰۰۰۰ ÷ ۴۰ = ۱۲۵۰ من = وزن آلہ کے = جواب

(۱۴) ۸۱ بیلون کی قیمت ۲۲۲۴ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی ہے تو بتاؤ کہ ایک بیل کی کیا قیمت ہوگی

حل ۲۲۲۴ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی ÷ ۸۱ = ۲۷ روپیہ ۷ آنہ ۶ پائی قیمت ایک بیل کی = جواب

(۱۵) ۶۷۲۰ ڈبل پیسون کے کتنے منصوری پیسے جبکہ روپیہ کے چونسٹہ آتے ہون آوینگے
۶۷۲۰ ڈبل پیسے ÷ ۶۴ = ۱۰۵ روپیہ
اور ۱۰۵ روپیہ × ۷۰ منصوری پیسے = ۷۳۵۰ = جواب

(۱۶) سفر مین چهہ آدمیون نے ۱۲۱ روپیہ ۱۳ / ۶ پائی خرچ کیے تو بتاؤ کہ ہر ایک کے حصہ مین کیا خرچ پڑا

حل ۶ پائی ۱۳ آنہ ۱۲۱ روپیہ ÷ ۶ = ۲۰ روپیہ

۴ آنہ ۱۱ پائی ایک آدمی کا حصہ خرچ کا ہوا = جواب

(۱۷) اگر ایک اخبار کی ۱۱۸۰۰ پرچہ ہر روز نکلا کرے ۵ آنہ فی اخبار فروخت ہوا کرین تو بتاؤ چہہ قمری مہینون مین کسقدر روپیہ اونکی فروخت سے حاصل ہوگا بشرطیکہ اتوار کے روز یہہ اخبار نہ نکلا کرے

حل چہہ قمری ماہ = ۶ × ۴ ہفتہ = ۲۴ ہفتہ اور ۲۴ × ۶ = ۱۴۴ دن

= ایام اجرای اخبار پس ۱۱۸۰۰ × ۱۴۴ × ۵ = ۸۴۹۶۰۰۰ آنہ

∴ قیمت اخبار کی جو حاصل چہہ مہینے مین ہوگی اور ۸۴۹۶۰۰۰ آنہ = ۵۳۱۰۰۰ روپیہ = جواب

(۱۸) جو شخص ہر سال ۱۰۳۲ روپیہ ۶ آنہ ۹ پائی خرچ کرتا ہو اوسکا ۱۵ سال مین کیا خرچ ہوگا اور اوسکو کیا بچیگا اگر آمدنی سالیانہ ۱۸۷۵ روپیہ ہو

خرچ سالیانہ = ۹ پائی ۶ آنہ ۱۰۳۲ روپیہ × ۱۵ ∴ = ۱۵۴۸۶ روپیہ

۵ آنہ ۳ پائی اور آمدنی سالیانہ = ۱۸۷۵ × ۱۵ = ۲۸۱۲۵

اسواسطے بچت = ۲۸۱۲۵ − (۳ پائی ۵ آنہ ۱۵۴۸۶ روپیہ)

= ۱۲۶۳۸ روپیہ ۱۰ آنہ ۹ پائی = جواب

(۱۹) ایک منٹ مین سو روپیہ گنے جاتے ہون تو دس لاکھ روپیہ کتنی دیر مین شمار ہونگے

حل ۱۰۰۰۰۰۰ ÷ ۱۰۰ = ۱۰۰۰۰ یہہ تعداد منٹون کی ہوئی جنمین شمار ہونگے

۱۰۰۰۰ منٹ = ۶ دن ۲۲ گھنٹے ۴۰ منٹ = جواب

(۲۰) ایک توپ کا گولہ ۱۰۰۰ فیٹ فی سکنڈ کی رفتار سے زمین سے چاند پر جو ۲۴۰۰۰۰ میل ہے کتنی دیر مین پہنچیگا

حل ۲۴۰۰۰۰ × ۱۷۶۰ × ۳ = ۱۲۶۷۲۰۰۰۰۰ فیٹ یہہ فاصلہ چاند کا زمین سے ہوا اور

۱۲۶۷۲۰۰۰۰۰ ÷ ۱۰۰۰ = ۱۲۶۷۲۰۰ یہہ تعداد سکنڈونکی جسمین گولہ چاند پر پہنچیگا ہوئی

اور ۱۲۶۷۲۰۰ ÷ (۶۰ × ۶۰ × ۲۴) = ۱۴ دن ۱۶ گھنٹے = جواب

(۲۱) جس ٹکسال مین ایک کل سے ۲۵۰۰ سکہ ایک گھنٹہ مین ڈہلتے ہون اوسمین چار کلون سے ایک ہفتہ مین کسقدر مالیت کے سکے ڈہلینگے جب ایک کل مین روپیہ دوسری مین اٹھنیان تیسری مین چونیان اور چوتھی مین دوانیان ڈہلتی ہون اور ہفتہ مین اتوار کو ٹکسال بند رہتی ہو

حل ایک روپیہ + ۸ آنہ + ۴ آنہ + ۲ آنہ = ایک روپیہ ۱۴ آنہ یہہ مالیت چارون سکون کی ہوئی

پس (ایک روپیہ ۱۴ آنہ) × ۲۵۰۰ × ۲۴ × ۶ = ۶۷۵۰۰۰ روپیہ = جواب

(۲۲) ۷ آنہ ۶ پائی سیر کی شکر ۵۳۰ سیر کتنے کی ہوگی

حل ۵۳۰ × ۷½ ÷ ۱۶ = ۳۹۷۵ ÷ ۱۶ = ۲۴۸ روپیہ ۷ آنہ = **جواب**

(۲۳) ۳۵۸۷ گز ۹ انچ رسی کے ۲۷ حصے برابر برابر فاصلہ پر کردو

حل ۳۵۸۷ گز ۹ انچ ÷ (۹ × ۳) = ۱۳۲ گز ۲ فٹ ۷ انچ = **جواب**

(۲۴) پینتالیس بھیڑین ۱۰۱ روپیہ ۱۴ آنہ ۴ پائی کو خریدکین اونمین سے سات بھیڑین ۲ روپیہ ۳ر۱۰ پائی فی بھیڑ کے حساب سے بیچڈالین تو بتاؤ باقی کو کس بہاو سے بیچ کرے کہ ۱۲ روپیہ ۸ر نفع ہو

حل ۲ روپیہ ۳ر۱۰ پائی × ۷ = ۱۵ روپیہ ۳ر۱۰ پائی = قیمت بھیڑونکی جو فروخت ہوئین تو ۴۵ − ۷ = ۳۸ بھیڑونکے جو فروخت کے لیے باقی ہین اور ۱۰۱ روپیہ ۱۴ر۴ پائی − ۱۵ روپیہ ۳ر۱۰ پائی + ۱۲ روپیہ ۸ر = ۹۹ روپیہ ۲ر۶ پائی یہہ وہ روپیہ جو ۳۸ بھیڑون کی قیمت سے حاصل کرنا چاہتے ہین اسلیئے (۹۹ روپیہ ۲ر۶ پائی) ÷ ۳۸ = ۲ روپیہ ۹ر۹ پائی = قیمت فی بھیڑ کی جو فروخت کرنی چاہیئے = **جواب**

(۲۵) چار روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی من کے حساب سے ۴۲ من شکر کے کیا دام ہونگے

حل ۸ پائی ۱۰ آنہ ۴ روپیہ × ۶ × ۷ = ۱۹۶ روپیہ = **جواب**

(۲۶) چھہ بوتلین ایک عرق کی فی بوتل ۱۲ آنہ ۶ پائی والی اور ۴ بوتلین دوسری کی فی بوتل ایکروپیہ ۲ آنہ ۹ پائی والی اور دس بوتلین تیسرے عرق کی فی بوتل ایک روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی والی باہم آمیز کی گیئن ہین تو بتاؤ کہ اس عرق مرکب کی قیمت کیا ہوگی

حل (۱۲ آنہ ۶ پائی × ۶) + (ایکروپیہ ۲ آنہ ۹ پائی × ۴) + (ایکروپیہ ۶ آنہ ۸ پائی × ۱۰) = ۴ روپیہ ۱۱ آنہ + ۴ روپیہ ۱۱ آنہ + ۱۴ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی = ۲۳ روپیہ ۸ آنہ ۸ پائی یہہ کل قیمت عرقون کی بوتلونکی ہوئی ۶ + ۴ + ۱۰ = ۲۰ یہہ تعداد بوتلونکی ہے پس قیمت بوتل عرق مرکب = ۸ پائی ۸ر ۲۳ روپیہ ÷ ۲۰ = ایکروپیہ ۲ آنہ ۱۰ پائی = **جواب**

(۲۷) کسقدر روپیہ ۲۷ آدمیون مین تقسیم کیا جاوے کہ ہر ایک کے حصہ مین ۱۷ روپیہ ۴ آنہ ۸½ پائی آوے

حل ۸½ پائی ۴ر ۱۷ روپیہ × ۲۷ = ۴۶۶ روپیہ ۱۵ آنہ ۱½ پائی = **جواب**

(۲۸) ۵ من ۲۵ سیر کی قیمت ۱۴۱ روپیہ ۱۲ آنہ ۹ پائی ہے تو ایک سیر کی کیا قیمت ہوگی

حل ۵ من ۲۵ سیر = ۲۲۵ سیر تو (۱۴۱ روپیہ ۱۲ آنہ ۹ پائی) ÷ (۹ × ۵ × ۵) = ۱۰ آنہ ایک پائی = **جواب**

(۲۹) ایک چیز ۲ سیر ۹ر۳ آنہ سیر خریدی اور ۷ ادہپی فی ادہپی ۶ آنہ تو بتاؤ دونون ملاکر فی ادہپی کیا بہاو رکہین کہ ۳ر۲ آنہ ۹ پائی فایدہ ہو

حل ۲ × ۹ر۳ = ۴ روپیہ ۱۴ آنہ اور ۷ × ۶ = ۲ روپیہ ۱۰ آنہ پس قیمت ۲ سیر اور ۷ ادہپی یا ۲۳ ادہپی کی = ۴ روپیہ ۱۴ آنہ + ۲ روپیہ ۱۰ آنہ = ۷ روپیہ ۸ آنہ اور ۷ روپیہ ۸ آنہ + ایکروپیہ ۷ آنہ ۹ پائی = ۸ روپیہ ۱۵ آنہ ۹ پائی تو ۸ روپیہ ۱۵ آنہ ۹ پائی ÷ ۲۳ = ۶ آنہ ۳ پائی = **جواب**

(۳۰) ایک سکہ ۴ آنہ ۹ پائی کا ہوتا ہے تو بتاؤ ۲۸۹ روپیہ ۱۲ آنہ مین کتنے سکہ ہونگے

حل ۲۸۹ روپیہ ۱۲ آنہ = ۵۵۶۳۲ پائی اور ۴ آنہ ۹ پائی ۵۷ پائی پس ۵۵۶۳۲ ÷ ۵۷ = ۹۷۶ سکہ = **جواب**

(۳۱) زید و عمر ایک ہی وقت بستر پر سوتے ہین اور زید سوا چہہ بجے اوٹہتا ہے اور عمر اٹہہ بجے تو بتاؤ کہ ۴۰ برس مین زید کتنا وقت بیداری عمر سے زیادہ حاصل کریگا اور حساب مین خیال اوس برس کا بہی چاہیے جسمین ماہ فروری ۲۹ دن کا ہوتا ہے

حل ۸ − ۶¼ = ۱¾ = ایک گہنٹہ ۴۵ منٹ یہہ وقت ہر روز زید کو بیداری کا حاصل ہوتا ہے اور ۴۰ × ۳۶۵¼ = ۱۴۶۱۰ روز پس ایک گہنٹہ ۴۵ منٹ × ۱۴۶۱۰ = ۱۴۶۱۰ × ۱¾ = ۲۵۵۶۷½ گہنٹہ اور ۲۵۵۶۷½ ÷ (۲۴ × ۳۶۵¼) = ۲۵۵۶۷½ ÷ ۸۷۶۶ = ۲ برس ۳۳۴ دن ۱۹½ گہنٹے = **جواب**

(۳۲) ۵ چہٹانک ریشم کا تاگا ۲½ فرلنگ لمبا ہو تو ۱۰۰ میل لمبا تاگا کس قدر ریشم مین تیار ہوگا

حل ۲½ فرلنگ = ۵ آدہی فرلنگ اور ۱۰۰ میل = ۱۰۰ × ۱۶ = ۱۶۰۰ نصف فرلنگ

پس (۱۶۰۰ × ۵ چہٹانک) ÷ ۵ = ۱۶۰۰ چہٹانک = ۱۰۰ سیر = ۲ من ۲۰ سیر = **جواب**

(۳۳) ۱۸۴۸ روپیہ ۴ آنہ ۹¾ پائی کو ۷۷ آدمیون مین برابر تقسیم کرو

حل ۱۸۴۸ روپیہ ۴ آنہ ۹¾ پائی ÷ (۷ × ۱۱) = ۲۴ روپیہ ¾ پائی = **جواب**

(۳۴) کلکتہ مین روپیہ ایک شلنگ ۱۱¾ پنس کا ہوتا ہے اور بمبئی مین ۲ شلنگ ۳ پنس کا تو بتاؤ ایک لاکہہ روپیہ کتنے کے ہر جگہہ ہونگے

اول کلکتہ مین روپیہ ایک شلنگ ۱۱¾ پنس = ۹۵ فارذنگ پس ۱۰۰۰۰۰ × ۹۵ فارذنگ = ۹۵۰۰۰۰۰ فارذنگ اور ۹۵۰۰۰۰۰ ÷ (۴ × ۱۲ × ۲۰) = ۹۸۹۵ پونڈ ۱۶ شلنگ ۸ پنس = **جواب**

دوم بمبئی مین روپیہ = ۲ شلنگ ۳ پنس = ۲۷ پنس پس ۲۷ پنس × ۱۰۰۰۰۰ = ۲۷۰۰۰۰۰ پنس اور ۲۷۰۰۰۰۰ ÷ (۱۲ × ۲۰) = ۱۱۲۵۰ پونڈ = **جواب**

(۳۵) ایک مربع مکان کا ایک ضلع ۷۷۰ فیٹ ہے اور دوسرے کا ۶۷۰ فیٹ ہے تو بتاؤ کہ ہر ایک مکان مین کتنے ایکڑ زمین ہے اول ۷۷۰ فیٹ × ۷۷۰ فیٹ = ۵۹۲۹۰۰ مربع فیٹ اور ۵۹۲۹۰۰ فیٹ مربع ÷ (۴۸۴۰ × ۹) = ۱۳ ایکڑ ۲۹۵۷ گز ۷ فیٹ رقبہ پہلے مکان کا ہوا = **جواب اول**

دوم ۶۷۰ × ۶۷۰ فیٹ = ۴۴۸۹۰۰ فیٹ مربع اور ۴۴۸۹۰۰ ÷ (۴۸۴۰ × ۹) = ۱۰ ایکڑ ۱۴۷۷ گز ۷ فیٹ = **جواب دوم**

(۳۶) ایک ساہوکار نے پنتہہ مین ۳۴۳ بہیڑ دو روپیہ ۷ آنہ ۹ پائی کے حساب سے بیچین اور سولہ بیل فی بیل اکیس روپیہ کے حساب سے خریدے تو بتاؤ خرید فروخت کے بعد وہ اپنے گہر کیا لیگیا

بکی ہوئی بہیڑونکی قیمت یہہ ہوگی

	پائی	آنہ	روپیہ	
۳۴۳ × (۲ روپیہ ۷ آنہ ۹ پائی) =	۳	۴	۳۵۵	تفریق کیا
اور قیمت خرید بیلو نکی یہہ ہے ۱۶ × ۲۱ =	۰	۰	۳۳۶	
اپنے گہر لیگیا	۳	۴	۱۹ =	**جواب**

(۳۷) ریشیم کا ڈورا فی گز ۶ آنہ ۸ پائی کے حساب سے ۲۶ روپیہ ۴ آنہ کا کتنا ہوگا
۶ آنہ ۸ پائی = ۸۰ پائی اور ۲۶ روپیہ ۴ آنہ = ۵۰۴۰ پائی پس ۵۰۴۰ ÷ ۸۰ = ۶۳ گز = جواب
(۳۸) ایک ڈبل پیسے کا وزن ساڑہے چہہ ماشہ کا ہوتا ہے تو دس لاکہہ پیسونکا کتنا وزن ہوگا اور کتنی مالیت ہوگی
۱۰۰۰۰۰۰ پیسے × $6\frac{1}{2}$ ماشہ = ۶۵۰۰۰۰۰ ماشہ اور ۶۵۰۰۰۰۰ ÷ (۱۲ × ۸۰ × ۴۰ × ۴۰) = ۸ ماشہ ایک تولہ
اچہٹانک ایک سیر ۱۶۹ من = جواب
اور مالیت ۱۰۰۰۰۰۰ ÷ (۴ × ۴۸) = ۵۲۰۸ ۱ روپیہ = جواب
(۳۹) ایک شخص تین لاکہہ روپیہ گننے بیٹہا اور کہنے لگا کہ سو روپیہ فی منٹ برابر گنتا چلا جاونگا اور کہیں ٹہہرنے کا نہیں اور جسقدر روپیہ مجہسے نہ گنے جاوینگے اون پر فی روپیہ چوتہائی پائی جرمانہ دونگا اب وہ ۳۶ گہنٹہ تک گنتا رہا اور بعد گننے سے باز رہ گیا تو بتاؤ کس قدر جرمانہ اوسنے دیا
حل ۱۰۰ روپیہ ایک منٹ میں گنتا ہے اسلیے ۱۰۰ × ۶۰ × ۳۶ = ۲۱۶۰۰۰ روپیہ جو اوسنے ۳۶ گہنٹہ میں شمار کیے اور ۳۰۰۰۰۰ روپیہ − ۲۱۶۰۰۰ روپیہ = ۸۴۰۰۰ روپیہ کی جو وہ شخص شمار نہ کریگا پس ۸۴۰۰۰ ÷ (۴ × ۱۲ × ۱۶) = ۱۰۹ روپیہ ۶ آنہ = جرمانہ کی جو وہ دیگا = جواب
(۴۰) اگر ہر ایک آدمی کو ۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی دیں تو ۷۵ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی کتنے آدمیونکو تقسیم کرینگے
۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی = ۱۱۸۷ دہیلونکی اور ۷۵ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی = ۱۲۴۳۱ دہیلونکی
پس تعداد آدمیونکی جنپر یہہ تقسیم ہوگا = ۱۲۴۳۱ ÷ ۱۱۸۷ = ۱۳ = جواب
(۴۱) ایک مکان کی تعمیر کے لیئے ۲۰ راج اور ۱۰ بڑہی بلائے راج سے ایک روپیہ ۱۱ آنہ اور بڑہی سے ایک روپیہ تین آنہ فی ہفتہ مزدوری ٹہیری تو بتاؤ چار مہینہ کے لیے اونکی مزدوری کیا ہوگی
حل ۴ مہینہ = ۱۶ ہفتہ
تو ۲۰ × ۱۶ × ۲۷ آنہ = ۸۶۴۰ آنہ = ۵۴۰ روپیہ یہہ مزدوری راجون کی
اور ۱۰ × ۱۶ × ۲۹ آنہ = ۴۶۴۰ آنہ = ۱۹۰ روپیہ یہہ مزدوری بڑہیوں کی
جمع = ۷۳۰ روپیہ = جواب
(۴۲) ۸ فیٹ گہری اور ۲۵ فیٹ چوڑی اور ۱۲ میل لمبی نہر میں پانی کسقدر وزن میں ہوگا
حل ۱۲ × ۱۷۶۰ × ۳ = ۶۳۳۶۰ فیٹ یہہ طول نہر کا ہوگا
اب حسابات نہر کی = ۶۳۳۶۰ × ۲۵ × ۸ = ۱۲۶۷۲۰۰۰ فیٹ مکعب
اور بموجب مثال چہارم ۵۰۰ چہٹانک = ایک فیٹ مکعب پانی کی
۱۲۶۷۲۰۰۰ × ۵۰۰ چہٹانک = ۶۳۳۶۰۰۰۰۰۰
اور ۶۳۳۶۰۰۰۰۰۰ ÷ ۱۶ × ۴۰ = ۹۹۰۰۰۰۰ من = جواب

(۴۳) دو کشتیاں ایک جگہ سے چلیں اور ایک ایک منٹ میں ۵۵ گز چلتی ہے اور ۵ فیٹ دوسری سے آگے نکلتی ہے تو بتاؤ نصف میل میں کسقدر بڑھ جاویگی

حل ایک میل = ۱۷۶۰ گز تو ۱۷۶۰ ÷ ۲ = ۸۸۰ = نصف میل

(۸۸۰ × ۵) ÷ ۵۵ = ۴۴۰۰ ÷ ۵۵ = ۸۰ فیٹ = ۲۶ گز ۲ فیٹ = جواب

(۴۴) ایک زنجیر کا طول ۵۰ فیٹ ۸ انچ ہے تو وہ ایک چرخی پر جسکا محیط ۲ فیٹ ۸ انچ ہے کے دفعہ لپیٹیگی

حل ۵۰ فیٹ ۸ انچ = ۶۰۸ انچ اور ۲ فیٹ ۸ انچ = ۳۲ انچ ۶۰۸ ÷ ۳۲ = ۱۹ = کے دفعہ لپیٹیگی جواب

(۴۵) پہیہ جسکا محیط ۱۶ فیٹ ۶ انچ ہے مابین دہلی اور خورجہ کے جنکی مابین ۵۲ میل کا فاصلہ ہے کتنے چکر کریگا

۵۲ میل = ۵۲ × ۱۷۶۰ گز = ۵۲ × ۱۷۶۰ × ۳ × ۲ = ۵۴۹۱۲۰ نصف فیٹ

اور ۱۶ فیٹ ۶ انچ = ۳۳ نصف فیٹ پس ۵۴۹۱۲۰ ÷ ۳۳ = ۱۶۶۴۰ = تعداد چکر = جواب

(۴۶) جب ایک انگوٹھی پانچ روپیہ سات آنہ چھہ پائی کو آتی ہو تو ۲۰۲ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی کی کتنی آوینگی

حل ۵ روپیہ ۷ آنہ ۶ پائی = ۱۷۵ ادہنیوں کی اور ۲۰۲ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی = ۶۴۷۵ ادہنیونکی

پس ۶۴۷۵ ÷ ۱۷۵ = ۳۷ تعداد انگوٹھیوں کی = جواب

(۴۷) ۱۴۴ روپیہ ۶ آنہ ۵ مرد اور ۶ عورتوں میں اسطرح تقسیم کرتے ہیں کہ ہر مرد کو ہر ایک عورت سے سہ چند ملے تو بتاؤ ہر ایک کا کیا حصہ ہوگا

جو کہ مرد کا حصہ عورت سے سہ چند ہے اسلیئے جو پانچ مردوں نے پایا وہی پندرہ عورتوں نے یعنی پانچ مرد اور چھہ عورت کو وہ ملا ہوگا جو ۲۱ عورتوں کو ملتا اسواسطے حصہ عورت کا یہہ ہوگا کہ ۶ آنہ

۱۴۴ روپیہ ÷ ۲۱ = ۶ روپیہ ۱۴ آنہ اور مرد کا یہہ ہوگا ۶ روپیہ ۱۴ آنہ × ۳ = ۲۰ روپیہ ۱۰ آنہ = جواب

(۴۸) ۲۰ فیٹ ۶ انچ لمبی ۴ فیٹ ۳ انچ چوڑی مستطیل کا کیا رقبہ ہوگا

حل ۲۰ فیٹ ۶ انچ × ۴ فیٹ ۳ انچ = ۲۴۶ انچ × ۵۱ انچ = ۱۲۵۴۶ انچ مربع

۱۲۵۴۶ ÷ (۱۴۴ × ۹) = ۹ گز مربع ۶ فیٹ مربع ۱۸ انچ مربع کی رقبہ کے = جواب

(۴۹) زید کے پاس ۱۲۵ روپیہ ۴ آنہ ۱۱½ پائی تہی اور عمر کے پاس ۱۶۰۹۸¼ پائیاں اگر زید عمر سے ۲۷۷۷¾ پائیاں لیلے اور عمر زید سے ۱۴ روپیہ ۷ آنہ ۱۱¼ پائیاں لے لے تو زید کے پاس عمر سے کتنا زیادہ ہوگا

حل زید پاس ١٢٥ روپیہ ٤ آنہ ١١½ پائی = ٥٩٠٢٤٠ ½
عمر نے جو زید کو دیا = ٧٧٢٤ ¾ — جمع کیا

جو زید کے پاس جمع ہوا = ٣٦٨٣٧ ¼
جو عمر نے زید سے لیا = ٢٧٨٣ ¼ — تفریق کیا

زید کے پاس جو بعد لین دین رہا = ٢٤٠٥٤

عمر کے پاس جو ہے = ١٦٠٩٨ ¼
زید نے جو عمر سے لیا = ٢٧٧٧ ¾ — تفریق کیا

عمر کے پاس جو دینے کے بعد بچا = ١٣٣٢٠ ½
زید نے جو عمر کو دیا = ٢٧٨٣ ¼ — جمع کیا

عمر کے پاس جو بعد لین دین رہا = ١٦١٠٣ ¾

پس جو پاس زید کے ہے = ٢٤٠٥٤
جسقدر زید عمر سے زیادہ ہوئے = ١٦١٠٣ ¾ — تفریق کیا
٧٩٥٠ ¼

اور ٧٩٥٠ ¼ ÷ (١٢×١٦) = ٤١ روپیہ ٦ آنہ ٢ ¼ پائی = جواب

(٥٠) ایک شہتیر ٢٠ فیٹ لنبا اور ٣ فیٹ چوڑا اور ٢ فیٹ موٹا ہے تو بتاؤ اوسکی قیمت فی فیٹ مکعب ٣ آنہ ٨ ¾ پائی کے حساب سے کیا ہوگی

حل ٢٠ × ٣ × ٢ = ١٢٠ فیٹ مکعب یہہ جسامت شہتیر کی ہوئی اور ٣ آنہ ٨ ¾ × ١٢٠
= ٢٧ روپیہ ١٥ آنہ ٦ پائی = جواب

(٥١) عورت و مرد و لڑکے تعداد میں مساوی تھے اونہوں نے ٦ روز میں ١٠ روپیہ ٥ آنہ مزدوری اس طرح سے کہ مرد نے ایک آنہ ٤ پائی اور عورت نے ١٠ پائی اور لڑکے نے ٤ پائی ہر روز کام کیا تو بتاؤ تعداد اونکی کیا تھی

١ آنہ ٤ پائی + ١٠ پائی + ٤ پائی = ٢ آنہ ٦ پائی یہہ سب مزدوری ایک دن کی ہوئی اسمین ٦ دنکی مزدوری ١٥ آنہ ہوئی پس ١٠ روپیہ ٥ آنہ = ١٦٥ آنہ ١٦٥ ÷ ١٥ = ١١ یہہ تعداد مطلوبہ = جواب

(٥٢) ایک کمرہ مین جسکا طول ٩٦ فیٹ اور عرض ٢٧ فیٹ ہے ٢ فیٹ ٦ انچ کے عرض کا فرش کتنا لگیگا

(٩٦ فیٹ × ٢٧ فیٹ) ÷ ٢½ = ٢٦٨٨ فیٹ اور ٣ پر اسے تقسیم کیا تو ٨٩٦ گز = جواب

(٥٣) ایک ملک مین ٨٠٠ ٦ ٧ ٣ ١ گائین ہین اور اونکے دودہ سے ١٠ ٢ ٧ ٦ ١ من گھی نکلتا ہے تو بتاؤ ایک گائے کے دودہ مین کتنا گھی ہوتا ہے

حل ۱۷۲۱۰ من = ۱۳۷۶۸۰۰ ادہ سیر ونکی

۱۳۷۶۸۰۰ ÷ ۱۳۷۸۰۰ = ایک ادہ سیرہ = جواب

(۵۴) ایک کشتی ۳۰۰۰ ہاتھ لمبی ۵۰ ہاتھ چوڑی اور ۳۰ ہاتھ گہری ہے تو بتاؤ اوسکی جسامت کیا ہوگی اور ہاتھ ۲۲ انچ کا مانا گیا ہے

۳۰۰۰ × ۲۲ × ۵۰ × ۲۲ × ۳۰ × ۲۲ ÷ (۱۷۲۸ × ۲۷) = ۶۶۰۰۰ انچ × ۱۱۰۰ انچ

× ۶۶۰ انچ ÷ ۴۶۶۵۶ = ۲۷۰۰۰ گز مکعب ۱۶ فیٹ ۱۵۲ انچ = جسامت کشتی کی = جواب

(۵۵) پندرہ روپیہ کو تین آدمیوں میں اسطرح تقسیم کرو کہ ایک آدمی کو تین روپیہ تین آنہ زیادہ ملیں

(۱۵ – ۳ روپیہ ۳ آنہ) ÷ ۳ = ۳ روپیہ ۱۵ آنہ دو آدمیوں میں سے ہر ایک کا حصہ ہوا اور

۳ روپیہ ۱۵ آنہ + ۳ روپیہ ۳ آنہ = ۷ روپیہ ۲ آنہ = تیسرے شخص کے حصہ کے = جواب

(۵۶) ایک شفاخانہ میں اوسط خرچ فی بیمار دس روپیہ تیرہ آنہ ۹ پائی ماہوار پڑتا ہے اگر اوس شفاخانہ کی آمد فی ماہوار ۳۶۰۷۰ روپیہ ۱۴ آنہ ہو تو کتنے بیمار اوسمیں رہ سکتے ہیں

اب ۳۶۰۷۰ روپیہ ۱۴ آنہ = ۱۳۵۱۰۸۰ پائی اور ۱۰ روپیہ ۱۳ آنہ ۹ پائی = ۲۰۸۵ پائی

پس ۱۳۵۱۰۸۰ ÷ ۲۰۸۵ = بیمار فنکی = جواب

(۵۷) ایک قطعہ زمین ۲۵۲ گز طول میں بشکل مربع ہے، اور اوسکے اندر چاروں طرف ۱۶ گز چوڑی کیاری کھدی ہوئی ہے اور اوسمیں پہول لگے ہوئے ہیں تو بتاؤ کسقدر زمین پر پہول ہیں اور کتنی زمین افتادہ پڑی ہے

طول چمن = ۲۵۲ گز اور طول زمین جو اندر ہے = ۲۵۲ گز – (۱۶ گز × ۲) = ۲۲۰ گز تو

(۲۵۲ گز)^۲ – (۲۲۰ گز)^۲ = ۶۳۵۰۴ گز – ۴۸۴۰۰ گز = ۱۵۱۰۴ گز مربع = ۳ ایکڑ

۵۸۴ گز اسقدر زمین پر پہول ہیں اور (۲۲۰)^۲ = ۴۸۴۰۰ گز مربع = ۱۰ ایکڑ زمین افتادہ کی = جواب

(۵۸) ڈیڑہ پائی فی چھٹانک محصول لینے سے ۲۸۷۳۳ روپیہ ۱ آنہ ۱۰½ پائی کتنے وزن پر محصول ہوگی

۲۸۷۳۳ روپیہ ۱ آنہ ۱۰½ پائی = ۱۲۹۵۱۵۹۷ آدھی پائی اور ۱½ پائی = ۳ آدھی پائی تو

۱۲۹۵۱۵۹۷ ÷ ۳ = ۴۳۱۷۱۹۹ چھٹانک ہوئیں اور ۴۳۱۷۱۹۹

÷ (۱۶ × ۴۰) = ۶۷۴۵ من ۲۴ سیر ۱۵ چھٹانک = جواب

(۵۹) ایک بنئیے نے پانچ من ۳۹ سیر ماش کی دال گیارہ پائی فی سیر والی اور گیارہ من ۳۸ سیر دال ارہر کی فی سیر پانچ پائی والی ملائی تو بتاؤ کہ اس ملی ہوئی دال کو کیا سیر بیچیں کہ نقصان نہو

۵ من ۳۹ سیر = ۲۳۹ سیر

۱۱ من ۳۸ سیر = ۴۷۸ سیر

حاصل جمع = ۷۱۷

اور ۲۳۹ × ۱۱ = ۲۶۲۹ قیمت گیارہ پائی سیر والی دال کی
۴۷۸ × ۵ = ۲۳۹۰ قیمت پانچ پائی سیر والی دال کی

حاصل جمع = ۵۰۱۹

۵۰۱۹ ÷ ۷۱۷ = ۷ پائی قیمت فی سیر = **جواب**

(۶۰) ۲۸ روپیہ کی دوانیاں اور چونیاں اور اٹھنیاں تعداد میں مساوی کتنی آوینگی
۲ آنہ + ۴ آنہ + ۸ آنہ = ۱۴ آنہ یہہ تینوں کی قیمت ہے
۲۸ روپیہ = ۴۴۸ آنہ ۴۴۸ ÷ ۱۴ = ۳۲ تعداد مطلوبہ = **جواب**

(۶۱) ایک مسافر اگست کے مہینے تمام میں ایک سرای میں رہا اور تین روپیہ بھٹیاری کو دیئے اور ڈیڑہ آنہ فی شب کرایہ کا تہا تو بتاؤ بھٹیاری اوسکو کیا پھیرے
حل ۳ روپیہ − ۳۱ × ۱ آنہ ۶ پائی = ۳ روپیہ − ۲ روپیہ ۱۴ آنہ ۶ پائی = ۱½ آنہ یہہ وہ ہے جو بھٹیاری کو پھیرنا چاہیئے = **جواب**

(۶۲) ایک بازیچہ گاہ کا طول ۵۸ فیٹ ۶ انچ اور عرض ۵۴ فیٹ ۹ انچ ہے تو رقبہ اسکا کیا ہوگا
حل ۵۸ فیٹ ۶ انچ × ۵۴ فیٹ ۹ انچ = ۴۶۱۲۱۴ انچ مربع ÷ (۱۴۴ × ۹)
(۱۴۴ × ۹) = ۳۵۵ گز مربع ۷ فیٹ مربع ۱۲۶ انچ = **جواب**

(۶۳) چھہ صندوق ہیں ہر ایک میں چھہ گٹھڑیاں اور گٹھڑی میں چھہ تھان اور ہر تھان میں چھہ گز کپڑا ہے اور ہر گز کی قیمت پونے تین آنہ ہے تو بتاؤ سبکی کیا قیمت ہوگی
حل ۶ × ۶ × ۶ × ۶ × ۲ ۳/۴ آنہ = ۳۵۶۴ آنہ = ۲۲۲ روپیہ ۱۲ آنہ =

(۶۴) ایک مزدور کے مکان کا کرایہ سالیانہ چھہ روپیہ چھہ آنہ گیارہ پائی ہے تو بتاؤ کرایہ ادا کرنیکے لیے وہ ہفتہ میں کیا جمع کیا کرے
۶ روپیہ ۶ آنہ ۱۱ پائی ÷ ۵۲ = ایک آنہ پونے بارہ پائی = **جواب**

(۶۵) ایک شخص نے ۵۰۰ بوتلیں شراب کی لین قیمت فی بوتل دو روپیہ چھہ آنہ چھہ پائی ہے تو بتاؤ اوسکے مبادلہ میں تیل کی بوتلیں فی بوتل ۲ آنہ ۶ پائی والی کتنی آوینگی
حل ۲ روپیہ ۶ آنہ ۶ پائی = ۷۷ ادہنیونکی اور ۲ آنہ ۶ پائی = ۵ ادہنیونکی ۷۷ × ۵۰۰ بوتل ÷ ۵
= ۳۸۵۰۰ ÷ ۵ = ۷۷۰۰ یہہ تعداد تیل کی بوتلوں کی ہوئی = **جواب**

(۶۶) جس مکان کا طول ۱۹ فیٹ ۷ انچ اور عرض ۱۸ فیٹ ۹ انچ ہے اوسکے فرش میں ۲۵ انچ عرض کا کپڑا کتنا لگے گا

۹ افیٹ ۷ انچ × ۱۸ فیٹ ۹ انچ ÷ (۲۵ انچ × ۱۲ × ۳) = ۵۲۸۷۵ انچ مربع ÷
(۲۵ انچ × ۱۲ × ۳) = ۵۸ گز ۲ فیٹ ۳ انچ = جواب

(۶۷) چار مردون اور چھہ عورتون اور آٹھہ لڑکون میں ۶۸۷ روپیہ ۱۱ آنہ ۱½ پائی کو اسطرح سے تقسیم کردو کہ مرد کو عورت سے دو چند اور عورت کو لڑکے سے چند ملے
حل حصہ عورت کا = ۳ لڑکون کے حصہ کے اور مرد کا حصہ = ۲ عورتونکے حصونکے = چھہ لڑکون کے حصہ کے

تو ۴ مردونکا = ۲۴ لڑکونکے حصہ کی
۶ عورتون کا = ۱۸ لڑکون کے حصہ کی
۸ لڑکونکا حصہ = ۸ لڑکون کے حصہ کی
اسواسطے مجموعہ سب حصونکا = ۵۰ حصونکی
پس ۶۸۷ روپیہ ۱۱ آنہ ۱½ پائی ÷ ۵۰ = لڑکے کے حصہ کے اور
۶ × (۶۸۷ روپیہ ۱۱ آنہ ۱½ پائی) ÷ ۵۰ = ۸۲ روپیہ ۸ آنہ ۴ ⅕ پائی = مرد کے حصہ کی
اور ۸۲ روپیہ ۸ آنہ ۴ ⅕ پائی ÷ ۲ = ۴۱ روپیہ ۴ آنہ ۲ ⅒ پائی = عورت کے حصہ
اور ۴۱ روپیہ ۴ آنہ ۲ ⅒ پائی ÷ ۳ = ۱۳ روپیہ ۱۲ آنہ ۱۱/۳۰ پائی لڑکے کے حصہ کی = جواب

(۶۸) ایک آدمی کی قوت جسمانی کا اوسط اتنا ہے کہ ہمیشہ ایک من دس سیر کا بوجھہ ایک فٹ اونچا ایک سکنڈ مین اوٹھاتا ہے تو بتاؤ اگر دس گھنٹہ ہر روز کام کیا کرے تو وہ ہر روز بوجھہ کتنا اس حساب سے اوٹھاویگا
حل ایک دن یا ۱۰ گھنٹہ = ۱۰ × ۶۰ × ۶۰ = ۳۶۰۰۰ سکنڈ اور ۳۶۰۰۰ × ۵۰ سیر
= ۱۸۰۰۰۰۰ سیر اسقدر سیر وہ دن میں اوٹھاویگا اور ۱۸۰۰۰۰۰ سیر ÷ ۴۰
= ۴۵۰۰۰ من = جواب

(۶۹) سپاہی اکثر ۷۵ قدم ایک منٹ میں چلتے ہیں اور جب بہت چلیں تو ۱۰۸ قدم ایک منٹ میں تو بتاؤ ایک پلٹن تین گھنٹہ میں جبکہ آخر نصف گھنٹہ میں تیز رفتاری سے چلے کتنا فاصلہ طے کریگی جب قدم ۲ فیٹ ۸ انچ کا ہو

۲½ گھنٹہ = ۱۵۰ منٹ پس ۱۵۰ × ۷۵ × ۲ فیٹ ۸ انچ = ۳۰۰۰۰ فیٹ
دوم ۳۰ × ۱۰۸ × ۲ فیٹ ۸ انچ = ۸۶۴۰ فیٹ
یہہ کل فاصلہ طے شدہ ہوا = ۳۸۶۴۰ فیٹ
پس ۳۸۶۴۰ ÷ (۳ × ۲۲۰ × ۸) = ۷ میل ۲ فرلنگ ۱۲۰ گز = جواب

(۷۰) ایک شخص چھاپہ خانہ مین ۸۵۰۰ حرف روز جوڑتا ہی اور ایکہزار حرف جوڑنے کی مزدوری ساڑہی پانچ آنہ پاتا ہے تو بتاؤ ایک ہفتہ مین کیا مزدوری کریگا بشرطیکہ اتوار کو کام نکرے

۸۵۰۰ × ۶ = ۵۱۰۰۰ یہہ تعداد حروف ہوئی جو وہ جوڑتا ہی اور (۵۱۰۰۰ ÷ ۱۰۰۰) × ۵½ آنہ = ۲۸۰½ آنہ = ۱۷ روپیہ ۸½ آنہ = **جواب**

(۷۱) ۹۵۰۸ آدمی ایک مکان کی سیر کرنیکو آئے جب ۲ آنہ مالک مکان کو اور ایک آنہ محافظین مکان کو دینا پڑتا تہا مگر مالک مکان نے محافظین کا ایک آنہ موقوف کر دیا اور خود بہی ایک آنہ لینے لگا تو ۱۲۴۷۷ آدمی آئے تو بتاؤ اسمین کیا فایدہ ہوا

تفریق کیا
۹۵۰۸ × (۲ آنہ + ۱ آنہ) = ۹۵۰۸ × ۳ = ۲۸۵۲۴ آنہ = ۱۷۸۲ روپیہ ۱۲ آنہ
۱۲۴۷۷ × ۳ آنہ = ۳۷۴۳۱ آنہ = ۲۳۳۹ روپیہ ۷ آنہ

فایدہ جو حاصل ہوگا = ۵۵۶ روپیہ ۱۱ آنہ **جواب**

(۷۲) ایک شخص نے اپنی آمدنی ۶۲۵ روپیہ سالیانہ کو کہانڈ شکر گڑ سے جسکا وزن مساوی ہے مبادلہ کیا اوسط قیمت کہانڈ کی ۶ آنہ ۷ پائی سیر اور شکر کی ۳ آنہ ۱۱ پائی سیر اور گڑ کی ۲ آنہ ۱۰ پائی سیر ہے تو بتاؤ کہ مبادلہ آمدنی مین ہر ایک چیز کسقدر آئیگی

۶ آنہ ۷ پائی + ۳ آنہ ۱۱ پائی + ۲ آنہ ۱۰ پائی = ۱۳ آنہ ۴ پائی = ہر ایک جنس کے ایک ایک سیر کی قیمت = ۱۶۰ پائی اور ۶۲۵ روپیہ = ۱۲۰۰۰۰ پائی پس ۱۲۰۰۰۰ ÷ ۱۶۰ = ۷۵۰ سیر = ۱۸ من ۳۰ سیر = ہر ایک جنس کے وزن کے = **جواب**

(۷۳) ۲۳۰ روپیہ ۱۱ آنہ ۲ ۴/۱۳ پائی ۳۹ آدمیون کا برابر حصہ تہا جب ۱۵ آدمین سے اپنا حصہ لیچکے تو باقی مین سے صرف ۲۱ آدمیون نے روپیہ کو باہم تقسیم کرلیا تو بتاؤ ہر ایک کے حصہ مین کیا آیا

۲۳۰ روپیہ ۱۱ آنہ ۲ ۴/۱۳ پائی ÷ ۳۹ = ۵ روپیہ ۱۴ آنہ ۷ ۳/۱۳ پائی = ہر ایک آدمی کے حصہ کے اور ۵ روپیہ ۱۴ آنہ ۷ ۳/۱۳ پائی × ۱۵ = ۸۸ روپیہ ۱۱ آنہ ۸ ۴/۱۳ پائی پس (۲۳۰ روپیہ ۱۱ آنہ ۲ ۴/۱۳ پائی − ۸۸ روپیہ ۱۱ آنہ ۸ ۴/۱۳ پائی) ÷ ۲۱ = ۶ روپیہ ۱۲ آنہ ۲ پائی = ہر ایک کے حصہ کی جو ۲۱ مین سے ہر ایک نے پایا = **جواب**

(۷۴) ایک دیوار ۱۵ گز لمبی ۷ فیٹ بلند ۱۳ انچ آثار کی جسمین دروازہ ۶ فیٹ بلند ۴ فیٹ چوڑا ہو بنانی ہے تو اسمین اینٹین ۱۰۸ انچ مکعب کی کتنی صرف ہونگی

۵ اگز = ۵۴۰ انچ اور ۷ فیٹ = ۸۴ انچ پس (۵۴۰ انچ × ۸۴ انچ × ۱۳ انچ)
÷ ۱۰۸ مکعب انچ = ۵۸۹۶۸۰ ÷ (۹ × ۱۲) = ۵۴۶۰ یہہ تعداد کل دیوار کی اینٹونکی
ہوتی اگر دروازہ بیچمین نہوتا اب ۶ فیٹ = ۷۲ انچ اور ۴ فیٹ = ۴۸ انچ
تو (۷۲ انچ × ۴۸ انچ × ۱۳ انچ) ÷ ۱۰۸ انچ مکعب = ۴۴۹۲۸ ÷ (۹ × ۱۲) = ۴۱۶ یہہ
تعداد اون اینٹون کی جو دروازہ مین لگین پس معلوم ہوا کہ ۵۴۶۰ − ۴۱۶ = ۵۰۴۴ تعداد اینٹونکی
جو دیوار مین لگین = **جواب**

(۷۵) ایک کاشتکار نے ایک زمیندار سے ایک کہیت ۵۰۰ ایکڑ کا فی ایکڑ ۸ روپیہ ۶ آنہ ۶ پائی پر ایک
سال کے لیے ٹہیکہ لیا اور گیہون بوئے اور ۱۸ من فی ایکڑ پیدا ہوئی اور ۸ آنہ من فروخت ہوئی اور دوسرے سال
فی ایکڑ ۴ روپیہ ۱۲ آنہ پر ٹہیکہ لیا اور جوار بوئی اور ۲۵ من فی ایکڑ پیدا ہوئی اور ۴ آنہ من فروخت ہوئی
اور پہر تیسرے سال فی ایکڑ ۱۵ روپیہ ۱۱ آنہ ۲ پائی پر ٹہیکہ لیا اور کسم بویا اور ۱۰۰ سیر پیدا ہوا اور ۳ آنہ
سیر بکا اور ہر سال کے ٹہیکہ مین یہہ شرط تہی کہ دسوان حصہ پیداوار کا پٹواری کو دیا جاوے تو بتاؤ
کہ سال اول مین کیا نفع او نقصان ہوا اور تین سال کے اخیر مین کیا

حل سال اول مین ۸ روپیہ ۶ آنہ ۶ پائی × ۵۰۰ = ۴۲۰۳ روپیہ ۲ آنہ = ٹہیکہ کے روپیون کے
اور ۵۰۰ × ۱۸ × ۸ = ۴۵۰۰ روپیہ اور بعد منہائی حق پٹواری کے ۴۰۵۰ روپیہ باقی بچے پس
اس سے معلوم ہوا کہ نقصان سال اول = ۱۵۳ روپیہ ۲ آنہ = **جواب اول**
اور ۴ روپیہ ۱۲ آنہ × ۵۰۰ = ۲۳۷۵ روپیہ = ٹہیکہ سال دوم
۱۵ روپیہ ۱۱ آنہ ۲ پائی × ۵۰۰ = ۷۸۴۸ روپیہ ۱۵ آنہ ۴ پائی = ٹہیکہ سال سوم
حاصل جمع = ۱۰۲۲۳ روپیہ ۱۵ آنہ ۴ پائی = سال دوم و سوم کے ٹہیکہ کے
اور ۲۵ × ۵۰۰ × ۴ آنہ = ۳۱۲۵ روپیہ = پیداوار سال دوم
۱۰۰ × ۵۰۰ × ۳ آنہ = ۹۳۷۵ روپیہ = پیداوار سال سوم کے

حاصل جمع = ۱۲۵۰۰ روپیہ = پیداوار سال دوم و سوم کے

اب بعد منہائی حق پٹواری ۱۱۲۵۰ روپیہ کاشتکار کو بچے پس حاصل سال دوم اور سوم کا

بعد منہائی حق پٹواری = ۱۱۲۵۰ روپیہ
روپیہ سال دوم و سوم ٹھیکہ کا = ۱۰۲۲۳ روپیہ ۱۵ آنہ ۴ پائی

حاصل تفریق = ۱۰۲۶ روپیہ ۸ پائی
نقصان سال اول = ۱۵۳ روپیہ ۲ آنہ

پس فائدہ تین برس کا = ۸۷۲ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی = جواب

سوالات مقسوم علیہ اعظم نمبری (۱۹)

(۱) مقسوم علیہ اعظم ۳۳۶ و ۲۲۴ کا دریافت کرو

۲۲۴) ۳۳۶ (۱
۲۲۴
۱۱۲) ۲۲۴ (۲
۲۲۴
۱۱۲ = مقسوم علیہ اعظم

(۲) ۱۰۲۴ و ۳۴۸ کا

۳۴۸) ۱۰۲۴ (۲
۶۹۶
۳۲۸) ۳۴۸ (۱
۳۲۸
۲۰) ۳۲۸ (۱۶
۳۲۰
۸) ۲۰ (۲
۱۶
۴) ۸ (۲
۸
۴ = مقسوم علیہ اعظم

(۳) ۱۷۵ و ۲۰۴۲ کا

۱۷۵) ۲۰۴۲ (۱۱
۱۹۲۵
۱۱۷) ۱۷۵ (۱
۱۱۷
۵۸) ۱۱۷ (۲
۱۱۶
۱) ۵۸ (۵۸
۵۸
۰۰
۱ = مقسوم علیہ اعظم

(۴) ۱۲۲۵ و ۶۲۵ کا

۶۲۵) ۱۲۲۵ (۱
۶۲۵
۶۰۰) ۶۲۵ (۱
۶۰۰
۲۵) ۶۰۰ (۲۴
۶۰۰
۰۰۰
۲۵ = مقسوم علیہ اعظم

(۵) ۲۱۲۱ و ۱۳۱۳ کا

۱۳۱۳) ۲۱۲۱ (۱
۱۳۱۳
۸۰۸) ۱۳۱۳ (۱
۸۰۸
۵۰۵) ۸۰۸ (۱
۵۰۵
۳۰۳) ۵۰۵ (۱
۳۰۳
۲۰۲) ۳۰۳ (۱
۲۰۲
۱۰۱) ۲۰۲ (۲
۲۰۲
۰۰۰
۱۰۱ = مقسوم علیہ اعظم

(۲۰) ۱۲۳۲۱ و ۵۴۳۴۵ کا

۴) ۵۴۳۴۵ (۱۲۳۲۱
۴۹۲۸۴
۲) ۱۲۳۲۱ (۵۰۶۱
۱۰۱۲۲
۲) ۵۰۶۱ (۲۱۹۹
۴۳۹۸
۳) ۲۱۹۹ (۶۶۳
۱۹۸۹
۳) ۶۶۳ (۲۱۰
۶۳۰
۶) ۲۱۰ (۳۳
۱۹۸
۲) ۳۳ (۱۲
۲۴
۱) ۱۲ (۹
۹
۳) ۹ (۳ = مقسوم علیہ اعظم
۹

سوالات نمبری (۲۰) ذو اضعاف اقل

(۱) ۱۵ و ۲۰ کا ذو اضعاف اقل بتاؤ

۵) ۱۵ و ۲۰
۳ و ۴
∴ ۵×۳×۴ = ۶۰ = جواب

(۲) ۱۴ و ۲۱ کا
۷) ۱۴ و ۲۱
۲ و ۳
∴ ۷×۲×۳ = ۴۲ = جواب

(۳) ۸ و ۴ و ۱۶ کا
۸ و ۴ و ۱۶
∴ ۱۶ = جواب

(۴) ۳ و ۹ و ۲۲ کا
۳ و ۹ و ۲۲
∴ ۹×۲۲ = ۱۹۸ = جواب

(۵) ۱۲ و ۱۵ و ۱۶
۳) ۱۲ و ۱۵ و ۱۶
۴ و ۵ و ۱۶
∴ ۱۶×۵×۳ = ۲۴۰ = جواب

(۶) ۸ و ۱۶ و ۲۰ کا
۴) ۸ و ۱۶ و ۲۰
۴ و ۵
∴ ۴×۴×۵ = ۸۰ = جواب

(۷) ۹ و ۱۵ و ۱۸ و ۳۰ کا
۶) ۹ و ۱۵ و ۱۸ و ۳۰
۳ و ۵ ۳ ۱۰
∴ ۶×۳×۱۰ = ۱۸۰ = جواب

(۸) ۱۶ و ۹ و ۱۲ و ۱۸ کا
۱۲) ۱۶ و ۹ و ۱۲ و ۱۸
۴ و ۳ و ۲ و ۳
∴ ۱۲×۴×۳ = ۱۴۴ = جواب

(۹) ۸ و ۱۲ و ۱۵ و ۲۰ کا
۱۲) ۸ و ۱۲ و ۱۵ و ۲۰
۲ و ۱ و ۵ و ۵
∴ ۱۲×۲×۵ = ۱۲۰ = جواب

(۱۰) ۳۴ و ۶۸ و ۴ و ۱۷ و ۲ کا
۳۴ و ۶۸ و ۴ و ۲
∴ ۶۸ = جواب

(۲) ۳۴ و ۱۳۵ کو ایسی کسروں کی طرف تحویل کرو کہ جنکے نسب نما ۱۱ و ۱۷ ہوں

حل اول ۳۴ × ۱۱ = ۳۷۴ یہہ شمار کنندہ ہوا ∴ ۳۴ = $\frac{۳۷۴}{۱۱}$ یہہ کسر مطلوبہ ہوئی

دوم ۱۳۵ × ۱۱ = ۱۴۸۵ ایضاً ∴ ۱۳۵ = $\frac{۱۴۸۵}{۱۱}$ ایضاً

سوم ۳۴ × ۱۷ = ۵۷۸ // ∴ ۳۴ = $\frac{۵۷۸}{۱۷}$ //

چہارم ۱۳۵ × ۱۷ = ۲۲۹۵ // ∴ ۱۳۵ = $\frac{۲۲۹۵}{۱۷}$ //

(۳) ۶ و ۹ و ۱۲ و ۲۰ کو ایسی کسور کیطرف تحویل کرو کہ جنکے نسب نما ۱۵ ہو

اول ۶ × ۱۵ = ۹۰ یہہ شمار کنندہ ہوا ∴ ۶ = $\frac{۹۰}{۱۵}$ = جواب

دوم ۹ × ۱۵ = ۱۳۵ ایضاً ∴ ۹ = $\frac{۱۳۵}{۱۵}$ = //

سوم ۱۲ × ۱۵ = ۱۸۰ ایضاً ∴ ۱۲ = $\frac{۱۸۰}{۱۵}$ = //

چہارم ۲۰ × ۱۵ = ۳۰۰ ایضاً ∴ ۲۰ = $\frac{۳۰۰}{۱۵}$ = //

(۴) ۲۵ و ۳۴ و ۷۰ و ۱۱۱ کو ایسی کسور کیطرف تحویل کرو کہ جنکا نسب نما ۳۴ ہو

اول ۲۵ × ۳۴ = ۸۵۰ یہہ شمار کنندہ ہوا ∴ ۲۵ = $\frac{۸۵۰}{۳۴}$ = جواب

دوم ۳۴ × ۳۴ = ۱۱۵۶ ایضاً ∴ ۳۴ = $\frac{۱۱۵۶}{۳۴}$ = //

سوم ۷۰ × ۳۴ = ۲۳۸۰ // ∴ ۷۰ = $\frac{۲۳۸۰}{۳۴}$ = //

چہارم ۱۱۱ × ۳۴ = ۳۷۷۴ // ∴ ۱۱۱ = $\frac{۳۷۷۴}{۳۴}$ = //

سوالات نمبر ۲۲ کسر مرکب کو کسور غیر واجب بناؤ

(۱) ۳ $\frac{۵}{۷}$ حل ۳ $\frac{۵}{۷}$ = $\frac{(۳×۷)+۵}{۷}$ = $\frac{۲۶}{۷}$ = جواب

(۲) ۱۰ $\frac{۲}{۹}$ حل ۱۰ $\frac{۲}{۹}$ = $\frac{(۱۰×۹)+۲}{۹}$ = $\frac{۹۲}{۹}$ = //

(۳) ۲۲۱ $\frac{۴}{۱۱}$ حل ۲۲۱ $\frac{۴}{۱۱}$ = $\frac{(۱۱×۲۲۱)+۴}{۱۱}$ = $\frac{۲۴۳۵}{۱۱}$ = //

(۴) ۱۳ $\frac{۱۵}{۱۷}$ حل ۱۳ $\frac{۱۵}{۱۷}$ = $\frac{(۱۷×۱۳)+۱۵}{۱۷}$ = $\frac{۲۳۶}{۱۷}$ = //

(۵) ۳۲ $\frac{۱۱}{۱۳}$ حل ۳۲ $\frac{۱۱}{۱۳}$ = $\frac{(۱۳×۳۲)+۱۱}{۱۳}$ = $\frac{۴۲۷}{۱۳}$ = //

(۶) ۲۰۰ $\frac{۲۷}{۵۰}$ حل ۲۰۰ $\frac{۲۷}{۵۰}$ = $\frac{(۵۰×۲۰۰)+۲۷}{۵۰}$ = $\frac{۱۰۰۲۷}{۵۰}$ = //

(۷) ۷۱ $\frac{۱۱}{۱۲}$ حل ۷۱ $\frac{۱۱}{۱۲}$ = $\frac{(۱۲×۷۱)+۱۱}{۱۲}$ = $\frac{۸۶۳}{۱۲}$ = //

(۸) ۱۱۵ $\frac{۱۳}{۱۵}$ حل ۱۱۵ $\frac{۱۳}{۱۵}$ = $\frac{(۱۵×۱۱۵)+۱۳}{۱۵}$ = $\frac{۱۷۳۸}{۱۵}$ = //

(۹) ۱۲۸ $\frac{۱۱}{۱۸}$ حل ۱۲۸ $\frac{۱۱}{۱۸}$ = $\frac{(۱۸×۱۲۸)+۱۱}{۱۸}$ = $\frac{۲۳۱۵}{۱۸}$ = //

(۱۰) ۳۷ $\frac{۱۵}{۳۷}$ حل ۳۷ $\frac{۱۵}{۳۷}$ = $\frac{(۳۷×۳۷)+۱۵}{۳۷}$ = $\frac{۱۳۸۴}{۳۷}$ = //

(۱۱) ۲۰۰ $\frac{۲۹}{۳۰}$ حل ۲۰۰ $\frac{۲۹}{۳۰}$ = $\frac{(۳۰×۲۰۰)+۲۹}{۳۰}$ = $\frac{۶۰۲۹}{۳۰}$ = //

(۱۲) ۱۲۵ ۲۴/۲۵ حل ۱۲۵ ۲۴/۲۵ = ۲۴×(۲۵×۱۲۵)/۲۵ = ۳۱۴۹/۲۵ = جواب
(۱۳) ۵۱۴ ۵/۱۶ حل ۵۱۴ ۵/۱۶ = ۵×(۱۶×۵۱۴)/۱۶ = ۸۲۲۹/۱۶ = //
(۱۴) ۱۰۱ ۱۰/۲۱ حل ۱۰۱ ۱۰/۲۱ = ۱۰×(۲۱×۱۰۱)/۲۱ = ۲۱۳۱/۲۱ = //
(۱۵) ۷۱۹ ۱۱/۱۲ حل ۷۱۹ ۱۱/۱۲ = ۱۱×(۱۲×۷۱۹)/۱۲ = ۸۶۳۹/۱۲ = //
(۱۶) ۱ ۱۱۳/۱۱۵ حل ۱ ۱۱۳/۱۱۵ = ۱۱۳×(۱۱۵×۱)/۱۱۵ = ۲۲۸/۱۱۵ = //
(۱۷) ۱۷ ۲۰۱/۲۳۹ حل ۱۷ ۲۰۱/۲۳۹ = ۲۰۱×(۲۳۹×۱۷)/۲۳۹ = ۴۲۶۴/۲۳۹ = //
(۱۸) ۱۰ ۲۱۳/۳۶۰ حل ۱۰ ۲۱۳/۳۶۰ = ۲۱۳×(۳۶۰×۱۰)/۳۶۰ = ۳۸۱۳/۳۶۰ = //
(۱۹) ۱۱۱ ۱۰۰/۱۱۱ حل ۱۱۱ ۱۰۰/۱۱۱ = ۱۰۰×(۱۱۱×۱۱۱)/۱۱۱ = ۱۲۴۲۱/۱۱۱ = //
(۲۰) ۸۵ ۸۵/۹۹ حل ۸۵ ۸۵/۹۹ = ۸۵×(۹۹×۸۵)/۹۹ = ۸۵۰۰/۹۹ = //

سوالات نمبری (۲۳) کسور غیر واجب کو کسر مرکب بناؤ

(۱) ۳۷/۹ حل ۳۷/۹ = ۴ ۱/۹ = جواب
(۲) ۸۵/۱۱ ایضاً ۸۵/۱۱ = ۷ ۸/۱۱ = //
(۳) ۳۱۳/۱۳ // ۳۱۳/۱۳ = ۲۴ ۱/۱۳ = //
(۴) ۲۹۹۰/۲۳ // ۲۹۹۰/۲۳ = ۱۳۰ = //
(۵) ۱۰۲۳/۳۵ // ۱۰۲۳/۳۵ = ۲۹ ۸/۳۵ = //
(۶) ۳۱۲۷/۴۳ // ۳۱۲۷/۴۳ = ۷۲ ۳۱/۴۳ = //
(۷) ۱۲۱۰/۵۵ // ۱۲۱۰/۵۵ = ۲۲ = //
(۸) ۲۲۲۱/۸۷ // ۲۲۲۱/۸۷ = ۲۵ ۴۶/۸۷ = //
(۹) ۱۲۴۷/۷۷ // ۱۲۴۷/۷۷ = ۱۶ ۱۵/۷۷ = //
(۱۰) ۳۱۳۶/۹۵ // ۳۱۳۶/۹۵ = ۳۳ ۱/۹۵ = //
(۱۱) ۳۰۰۰/۷۵ // ۳۰۰۰/۷۵ = ۴۰ = //
(۱۲) ۳۵۷۷/۱۰۲ // ۳۵۷۷/۱۰۲ = ۳۵ ۷/۱۰۲ = //
(۱۳) ۴۱۴۸/۱۱۷ // ۴۱۴۸/۱۱۷ = ۳۵ ۵۳/۱۱۷ = //

(۱۴) $\frac{۴۶۴۱}{۲۲۱}$ حل $\frac{۴۶۴۱}{۲۲۱} = ۲۱$ = جواب

(۱۵) $\frac{۳۱۳۵}{۱۲۲}$ 〃 $\frac{۳۱۳۵}{۱۲۲} = ۲۵\frac{۸۵}{۱۲۲}$ = 〃

(۱۶) $\frac{۶۰۰۰}{۳۷۵}$ 〃 $\frac{۶۰۰۰}{۳۷۵} = ۱۶$ = 〃

(۱۷) $\frac{۵۴۳۴}{۳۵۷}$ 〃 $\frac{۵۴۳۴}{۳۵۷} = ۱۵\frac{۷۹}{۳۵۷}$ = 〃

(۱۸) $\frac{۶۵۵۶}{۴۰۱}$ 〃 $\frac{۶۵۵۶}{۴۰۱} = ۱۶\frac{۱۴۰}{۴۰۱}$ = 〃

(۱۹) $\frac{۱۲۳۲۱}{۲۰۰}$ 〃 $\frac{۱۲۳۲۱}{۲۰۰} = ۶۱\frac{۱۲۱}{۲۰۰}$ = 〃

(۲۰) $\frac{۲۳۴۳۸}{۳۳۳}$ 〃 $\frac{۲۳۴۳۸}{۳۳۳} = ۷۰\frac{۱۲۸}{۳۳۳}$ = 〃

امثلہ نمبری (۱۲۴) ایک کسر کو صحیح عدد پر تقسیم و ضرب دینا

(۱) ضرب دو $\frac{۳۵}{۳۶}$ کو ۹ و ۱۲ و ۱۸ و ۲۵ سے اور تقسیم کرو ۵ و ۷ و ۸ و ۱۲ پر

اول $\frac{۳۵}{۳۶} \times ۹ = \frac{۳۵}{۴}$ = جواب اول دوم $\frac{۳۵}{۳۶} \times ۱۲ = \frac{۳۵}{۳}$ = جواب دوم

سوم $\frac{۳۵}{۳۶} \times ۱۸ = \frac{۳۵}{۲}$ = ایضاً سوم چہارم $\frac{۳۵}{۳۶} \times ۲۵ = \frac{۸۷۵}{۳۶}$ = ایضاً چہارم

پنجم $\frac{۳۵}{۳۶} \div ۵ = \frac{۷}{۳۶}$ = 〃 پنجم ششم $\frac{۳۵}{۳۶} \div ۷ = \frac{۵}{۳۶}$ = ایضاً ششم

ہفتم $\frac{۳۵}{۳۶} \div ۸ = \frac{۳۵}{۲۸۸}$ = 〃 ہفتم ہشتم $\frac{۳۵}{۳۶} \div ۱۲ = \frac{۳۵}{۴۳۲}$ = ایضاً ہشتم

(۲) $\frac{۱۳۵}{۱۴۴}$ کو ۷ و ۸ و ۹ و ۱۶ میں ضرب اور ۵ و ۸ و ۱۲ و ۲۵ پر تقسیم کرو

اول $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \times ۷ = \frac{۸۷۵}{۱۴۴}$ = جواب اول دوم $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \times ۸ = \frac{۱۳۵}{۱۸}$ = جواب دوم

سوم $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \times ۹ = \frac{۱۳۵}{۱۶}$ = ایضاً سوم چہارم $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \times ۱۶ = \frac{۱۳۵}{۹}$ = ایضاً چہارم

پنجم $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \div ۵ = \frac{۲۵}{۱۴۴}$ = 〃 پنجم ششم $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \div ۸ = \frac{۱۳۵}{۱۱۵۲}$ = 〃 ششم

ہفتم $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \div ۱۲ = \frac{۱۳۵}{۱۷۲۸}$ = 〃 ہفتم ہشتم $\frac{۱۳۵}{۱۴۴} \div ۲۵ = \frac{۵}{۱۴۴}$ = 〃 ہشتم

(۳) $\frac{۳۲۰}{۶۹۳}$ کو ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۷ میں ضرب دو

اول $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \times ۲ = \frac{۶۴۰}{۶۹۳}$ = جواب اول دوم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \times ۳ = \frac{۳۲۰}{۲۳۱}$ = جواب دوم

سوم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \times ۴ = \frac{۱۲۸۰}{۶۹۳}$ = ایضاً سوم چہارم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \times ۵ = \frac{۱۶۰۰}{۶۹۳}$ = ایضاً چہارم

پنجم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \times ۷ = \frac{۳۲۰}{۹۹}$ = 〃 پنجم

CHECKED-2002

(۴) $\frac{۳۲۰}{۶۹۳}$ کو ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ پر تقسیم کرو

اول $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \div ۷ = \frac{۳۲۰}{۴۸۵۱}$ = جواب اول　دوم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \div ۸ = \frac{۴۰}{۶۹۳}$ = جواب دوم

سوم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \div ۹ = \frac{۳۲۰}{۶۲۳۷}$ = ایضاً سوم　چہارم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \div ۱۰ = \frac{۳۲}{۶۹۳}$ = ایضاً چہارم

پنجم $\frac{۳۲۰}{۶۹۳} \div ۱۱ = \frac{۳۲۰}{۷۶۲۳}$ = ایضاً پنجم

اسئلہ نمبری (۲۵) اختصار کسور

(۱) $\frac{۳۲۴}{۷۲۰}$ کا اختصار کرو حل ۱۲) $\frac{۳۲۴}{۷۲۰}$ = ۳) $\frac{۲۷}{۶۰} = \frac{۹}{۲۰}$ = جواب

(۲) $\frac{۷۲۰}{۸۶۴}$ ایضاً ۱۲) $\frac{۷۲۰}{۸۶۴}$ = ۱۲) $\frac{۶۰}{۷۲} = \frac{۵}{۶}$ = ایضاً

(۳) $\frac{۳۲۴}{۳۹۶}$ " " ۹) $\frac{۳۲۴}{۳۹۶}$ = ۴) $\frac{۳۶}{۴۴} = \frac{۹}{۱۱}$ = "

(۴) $\frac{۱۵۸۴}{۵۹۴۰}$ " " ۱۱) $\frac{۱۵۸۴}{۵۹۴۰}$ = ۱۲) $\frac{۱۴۴}{۵۴۰}$ = ۳) $\frac{۱۲}{۴۵} = \frac{۴}{۱۵}$ = "

(۵) $\frac{۱۲۹۶}{۱۶۲۰}$ " " ۱۲) $\frac{۱۲۹۶}{۱۶۲۰}$ = ۹) $\frac{۱۰۸}{۱۳۵}$ = ۳) $\frac{۱۲}{۱۵} = \frac{۴}{۵}$ = "

(۶) $\frac{۱۴۵۲}{۲۱۷۸}$ " " ۱۱) $\frac{۱۴۵۲}{۲۱۷۸}$ = ۱۱) $\frac{۱۳۲}{۱۹۸}$ = ۶) $\frac{۱۲}{۱۸} = \frac{۲}{۳}$ = "

(۷) $\frac{۴۹۵}{۱۲۱۰}$ " " ۱۱) $\frac{۴۹۵}{۱۲۱۰}$ = ۵) $\frac{۴۵}{۱۱۰} = \frac{۹}{۲۲}$ = "

(۸) $\frac{۱۲۹۶}{۱۷۲۸}$ " " ۱۲) $\frac{۱۲۹۶}{۱۷۲۸}$ = ۹) $\frac{۱۰۸}{۱۴۴}$ = ۴) $\frac{۱۲}{۱۶} = \frac{۳}{۴}$ = "

(۹) $\frac{۱۸۷۲}{۲۰۱۶}$ " " ۱۲) $\frac{۱۸۷۲}{۲۰۱۶}$ = ۱۲) $\frac{۱۵۶}{۱۶۸} = \frac{۱۳}{۱۴}$ = "

(۱۰) $\frac{۹۹۰}{۱۹۳۵}$ " " ۹) $\frac{۹۹۰}{۱۹۳۵}$ = ۵) $\frac{۱۱۰}{۲۱۵} = \frac{۲۲}{۴۳}$ = "

(۱۱) $\frac{۳۰۰۰}{۳۳۷۵}$ " " ۵) $\frac{۳۰۰۰}{۳۳۷۵}$ = ۵) $\frac{۶۰۰}{۶۷۵}$ = ۳) $\frac{۱۲۰}{۱۳۵}$ = ۵) $\frac{۴۰}{۴۵} = \frac{۸}{۹}$ = "

(۱۲) $\frac{۲۵۹۲}{۳۴۵۶}$ " " ۱۲) $\frac{۲۵۹۲}{۳۴۵۶}$ = ۱۲) $\frac{۲۱۶}{۲۸۸}$ = ۶) $\frac{۱۸}{۲۴} = \frac{۳}{۴}$ = "

(۱۳) $\frac{۱۴۸۵}{۲۱۶۰}$ " " ۹) $\frac{۱۴۸۵}{۲۱۶۰}$ = ۵) $\frac{۱۶۵}{۲۴۰}$ = ۳) $\frac{۳۳}{۴۸} = \frac{۱۱}{۱۶}$ = "

(۱۴) $\frac{۸۶۴}{۳۰۷۲}$ " " ۱۲) $\frac{۸۶۴}{۳۰۷۲}$ = ۸) $\frac{۷۲}{۲۵۶} = \frac{۹}{۳۲}$ = "

(۱۵) $\frac{۳۳۰۰}{۴۲۳۵}$ " " ۱۱) $\frac{۳۳۰۰}{۴۲۳۵}$ = ۵) $\frac{۳۰۰}{۳۸۵} = \frac{۶۰}{۷۷}$ = "

(۱۶) $\frac{۶۹۳۰}{۸۱۱۸}$ " " ۱۱) $\frac{۶۹۳۰}{۸۱۱۸}$ = ۹) $\frac{۶۳۰}{۷۳۸}$ = ۲) $\frac{۷۰}{۸۲} = \frac{۳۵}{۴۱}$ = "

(۱۷) $\frac{۵۵۴۴}{۶۵۵۲}$ " " ۱۲) $\frac{۵۵۴۴}{۶۵۵۲}$ = ۷) $\frac{۴۶۲}{۵۴۶}$ = ۶) $\frac{۶۶}{۷۸} = \frac{۱۱}{۱۳}$ = "

(۱۸) $\frac{۷۰۴۰}{۷۳۹۲}$ " " ۱۱) $\frac{۷۰۴۰}{۷۳۹۲}$ = ۸) $\frac{۶۴۰}{۶۷۲}$ = ۴) $\frac{۸۰}{۸۴} = \frac{۲۰}{۲۱}$ = "

(١٩) $\frac{11385}{16335}$ کا اختصار کرو حل ١١) $\frac{11385}{16335}$ = ٩) $\frac{1035}{1485}$ = ٥) $\frac{115}{165}$ = $\frac{23}{33}$ = جواب

(٢٠) $\frac{22176}{23328}$ " " ٩) $\frac{22176}{23328}$ = ٨) $\frac{2464}{2592}$ = ۴) $\frac{308}{324}$ = $\frac{77}{81}$ = ایضاً

امثلہ نمبری (٢٦) اختصار کسور بوسیلہ اجزائی ضربی

(١) $\frac{321}{749}$ کا حل $\frac{321}{749} = \frac{3\times107}{7\times107} = \frac{3}{7}$ = جواب

(٢) $\frac{510}{1122}$ " $\frac{510}{1122} = \frac{5\times6\times17}{11\times6\times17} = \frac{5}{11}$ = ایضاً

(٣) $\frac{299}{529}$ " $\frac{299}{529} = \frac{13\times23}{23\times23} = \frac{13}{23}$ = "

(۴) $\frac{1407}{4422}$ " $\frac{1407}{4422} = \frac{7\times3\times67}{22\times3\times67} = \frac{7}{22}$ = "

(٥) $\frac{1905}{3175}$ " $\frac{1905}{3175} = \frac{3\times5\times127}{5\times5\times127} = \frac{3}{5}$ = "

(٦) $\frac{1715}{2695}$ " $\frac{1715}{2695} = \frac{7\times5\times7\times7}{11\times5\times7\times7} = \frac{7}{11}$ = "

(٧) $\frac{6509}{7889}$ " $\frac{6509}{7889} = \frac{283\times23}{7\times7\times7\times23} = \frac{283}{343}$ = "

(٨) $\frac{1589}{2270}$ " $\frac{1589}{2270} = \frac{7\times227}{10\times227} = \frac{7}{10}$ = "

(٩) $\frac{8251}{14718}$ " $\frac{8251}{14718} = \frac{37\times223}{6\times11\times223} = \frac{37}{66}$ = "

(١٠) $\frac{3575}{4719}$ " $\frac{3575}{4719} = \frac{5\times5\times11\times13}{3\times11\times11\times13} = \frac{25}{33}$ = "

(١١) $\frac{1261}{44232}$ " $\frac{1261}{44232} = \frac{13\times97}{3\times8\times19\times97} = \frac{13}{456}$ = "

(١٢) $\frac{10759}{20405}$ " $\frac{10759}{20405} = \frac{19\times371}{55\times371} = \frac{29}{55}$ = "

امثلہ نمبری (٢٧) ضرب مقدار مرکب جسمیں کسر ہو

(١) پائی آنہ روپیہ
$17\frac{3}{8}$ // ١٣ // ٥×۴
$9\frac{7}{8}$ // ١٢ // ٢۴ = جواب

(٢) $4\frac{4}{5}$ // ١١ // ٧×٥
$7\frac{3}{5}$ // ١۴ // ٣٩ = جواب

(٣) پائی آنہ روپیہ
$5\frac{2}{3}$ // ٠ // ٩×۴
٣ // ۴ // ٣٦ = جواب

(۴) $11\frac{5}{6}$ // ٨ // ١١×٧
$10\frac{1}{6}$ // ٢ // ٨٣ = جواب

(۱۵) $\frac{۴}{۱۵}$ کا $\frac{۹}{۲۱}$ کا $\frac{۵}{۸}$ کا ۷ حل $\frac{۴}{۱۵}$ کا $\frac{۹}{۲۱}$ کا $\frac{۵}{۸}$ کا ۷ $= \frac{۴}{۱۵} \times \frac{۹}{۲۱} \times \frac{۵}{۸} \times \frac{۷}{۱} = \frac{۱}{۲} =$ جواب

(۱۶) $\frac{۳}{۸}$ کا ۶ $\frac{۱}{۲}$ کا $\frac{۱۳}{۱۴}$ کا $\frac{۷}{۲۶}$ حل $\frac{۳}{۸}$ کا ۶ $\frac{۱}{۲}$ کا $\frac{۱۳}{۱۴}$ کا $\frac{۷}{۲۶} = \frac{۳}{۸} \times \frac{۱۳}{۲} \times \frac{۱۳}{۱۴} \times \frac{۷}{۲۶} = \frac{۳۹}{۶۴} =$ جواب

(۱۷) $\frac{۳}{۱۱}$ کا ۱ $\frac{۴}{۹}$ کا ۵ $\frac{۱}{۳}$ کا $\frac{۱}{۴}$ حل $\frac{۳}{۱۱}$ کا ۱ $\frac{۴}{۹}$ کا ۵ $\frac{۱}{۳}$ کا $\frac{۱}{۴} = \frac{۳}{۱۱} \times \frac{۱۳}{۹} \times \frac{۱۶}{۳} \times \frac{۱}{۴} = \frac{۴}{۹} =$ جواب

(۱۸) ۱ $\frac{۱}{۲}$ کا ۲ $\frac{۲}{۳}$ کا ۳ $\frac{۳}{۴}$ کا ۴ $\frac{۴}{۵}$ حل ۱ $\frac{۱}{۲}$ کا ۲ $\frac{۲}{۳}$ کا ۳ $\frac{۳}{۴}$ کا ۴ $\frac{۴}{۵} = \frac{۳}{۲} \times$
$\frac{۸}{۳} \times \frac{۱۵}{۴} \times \frac{۲۴}{۵} = ۷۲ =$ جواب

(۱۹) ۳ $\frac{۵}{۹}$ کا ۲ $\frac{۱}{۴}$ کا $\frac{۳}{۸}$ کا $\frac{۷}{۱۵}$ حل ۳ $\frac{۵}{۹}$ کا ۲ $\frac{۱}{۴}$ کا $\frac{۳}{۸}$ کا $\frac{۷}{۱۵} = \frac{۳۲}{۹} \times \frac{۹}{۴} \times \frac{۳}{۸} \times$
$\frac{۷}{۱۵} = \frac{۷}{۵} = ۱\frac{۲}{۵} =$ جواب

(۲۰) $\frac{۷}{۱۱}$ کا ۲ $\frac{۱}{۲}$ کا $\frac{۳}{۷}$ کا ۱۰ $\frac{۱}{۲}$ حل $\frac{۷}{۱۱}$ کا ۲ $\frac{۱}{۲}$ کا $\frac{۳}{۷}$ کا ۱۰ $\frac{۱}{۲} = \frac{۷}{۱۱} \times \frac{۵}{۲} \times \frac{۳}{۷} \times$
$\frac{۲۱}{۲} = \frac{۳۱۵}{۴۴} = ۷\frac{۷}{۴۴} =$ جواب

سوالات نمبری (۲۹) مختصر نسب نما کسور کا متحد کرنا

$\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۳}{۵}$ و $\frac{۴}{۷}$ کا مختصر نسب نما دریافت کرو $۲ \times ۳ \times ۵ \times ۷ = ۲۱۰$ یہہ مختصر نسب نما ہے

$\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۳}{۵}$ و $\frac{۴}{۷} = \frac{۱ \times (۲۱۰ \div ۲)}{۲۱۰}$ و $\frac{۲ \times (۲۱۰ \div ۳)}{۲۱۰}$ و $\frac{۳ \times (۲۱۰ \div ۵)}{۲۱۰}$
$\frac{۴ \times (۲۱۰ \div ۷)}{۲۱۰} = \frac{۱۰۵}{۲۱۰}$ و $\frac{۱۴۰}{۲۱۰}$ و $\frac{۱۲۶}{۲۱۰}$ و $\frac{۱۲۰}{۲۱۰}$ یہہ کسور ہوئیں جنکا نسب نما متحد و مختصر ہے = جواب

(۲) $\frac{۵}{۶}$ و $\frac{۴}{۷}$ و $\frac{۴}{۵}$ و $\frac{۲}{۱۱}$ کا حل $۶ \times ۷ \times ۵ \times ۱۱ = ۲۳۱۰$ یہہ مختصر و متحد نسب نما ہوا

پس $\frac{۵}{۶}$ و $\frac{۴}{۷}$ و $\frac{۴}{۵}$ و $\frac{۲}{۱۱} = \frac{۵ \times (۲۳۱۰ \div ۶)}{۲۳۱۰}$ و $\frac{۴ \times (۲۳۱۰ \div ۷)}{۲۳۱۰}$ و $\frac{۴ \times (۲۳۱۰ \div ۵)}{۲۳۱۰}$
$\frac{۲ \times (۲۳۱۰ \div ۱۱)}{۲۳۱۰} = \frac{۱۹۲۵}{۲۳۱۰}$ و $\frac{۱۳۲۰}{۲۳۱۰}$ و $\frac{۱۸۴۸}{۲۳۱۰}$ و $\frac{۴۲۰}{۲۳۱۰}$ یہہ کسور ہوئیں جنکا مختصر و متحد نسب نما ہے = جواب

(۳) $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۳}{۴}$ و $\frac{۵}{۶}$ و $\frac{۷}{۸}$ کا حل ۳ و ۴ و ۶ و ۸ $۳ \times ۸ = ۲۴$ یہہ مختصر نسب نما ہوا

پس $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۳}{۴}$ و $\frac{۵}{۶}$ و $\frac{۷}{۸} = \frac{۲ \times (۲۴ \div ۳)}{۲۴}$ و $\frac{۳ \times (۲۴ \div ۴)}{۲۴}$ و $\frac{۵ \times (۲۴ \div ۶)}{۲۴}$ و
$\frac{۷ \times (۲۴ \div ۸)}{۲۴} = \frac{۱۶}{۲۴}$ و $\frac{۱۸}{۲۴}$ و $\frac{۲۰}{۲۴}$ و $\frac{۲۱}{۲۴}$ یہہ کسور جدید ہیں جنکا نسب نما مختصر و متحد ہے

(۴) $\frac{۱}{۸}$ و $\frac{۵}{۹}$ و $\frac{۳}{۱۶}$ و $\frac{۱۳}{۱۸}$ کا ۸ و ۹ و ۱۶ و ۱۸ $۱۸ \times ۸ = ۱۴۴$ یہہ مختصر نسب نما ہوا

پس $\frac{۱}{۸}$ و $\frac{۵}{۹}$ و $\frac{۳}{۱۶}$ و $\frac{۱۳}{۱۸} = \frac{۱ \times (۱۴۴ \div ۸)}{۱۴۴}$ و $\frac{۵ \times (۱۴۴ \div ۹)}{۱۴۴}$ و $\frac{۳ \times (۱۴۴ \div ۱۶)}{۱۴۴}$

$\frac{13\times(144\div 18)}{144}=\frac{18}{144}$ و $\frac{80}{144}$ و $\frac{27}{144}$ و $\frac{104}{144}$ = جواب

(۵) $\frac{3}{4}$ و $\frac{7}{8}$ و $\frac{15}{16}$ و $\frac{31}{32}$ کا حل $4, 8, 16, 32 \mid 32$ تو ۳۲ مختصر نسب نما ہوا

پس $\frac{3}{4}$ و $\frac{7}{8}$ و $\frac{15}{16}$ و $\frac{31}{32}=\frac{3\times(32\div 4)}{32}$ و $\frac{7\times(32\div 8)}{32}$ و $\frac{15\times(32\div 16)}{32}$

و $\frac{31\times(32\div 32)}{32}=\frac{24}{32}$ و $\frac{28}{32}$ و $\frac{30}{32}$ و $\frac{31}{32}$ = جواب

(۶) $\frac{5}{6}$ و $\frac{5}{8}$ و $\frac{2}{9}$ و $\frac{13}{24}$ کا حل $6, 9, 24 \mid 24$ ، $\times 3$ ∴ $3\times 24=72$ یہ مختصر و متحد نسب نما ہوا

پس $\frac{5}{6}$ و $\frac{5}{8}$ و $\frac{2}{9}$ و $\frac{13}{24}=\frac{5\times(72\div 6)}{72}$ و $\frac{5\times(72\div 8)}{72}$ و $\frac{2\times(72\div 9)}{72}$

و $\frac{13\times(72\div 24)}{72}=\frac{60}{72}$ و $\frac{45}{72}$ و $\frac{16}{72}$ و $\frac{39}{72}$ = جواب

(۷) $\frac{7}{16}$ و $\frac{11}{18}$ و $\frac{17}{24}$ و $\frac{19}{36}$ و $\frac{25}{48}$ حل $16, 18, 24, 36, 48 \mid 48$ ، 3 ∴ 48×3

= ۱۴۴ مختصر و متحد نسب نما ہوا پس $\frac{7}{16}$ و $\frac{11}{18}$ و $\frac{17}{24}$ و $\frac{19}{36}$ و $\frac{25}{48}=\frac{7\times(144\div 16)}{144}$

و $\frac{11\times(144\div 18)}{144}$ و $\frac{17\times(144\div 24)}{144}$ و $\frac{19\times(144\div 36)}{144}$ و $\frac{25\times(144\div 48)}{144}$

$=\frac{63}{144}$ و $\frac{88}{144}$ و $\frac{102}{144}$ و $\frac{76}{144}$ و $\frac{75}{144}$ = جواب

(۸) $\frac{2}{3}$ و $\frac{4}{9}$ و $\frac{16}{27}$ و $\frac{8}{81}$ و $\frac{16}{243}$ کا حل ۳ و ۹ و ۲۷ و ۸۱ و ۲۴۳ تو ۲۴۳ مختصر و متحد نسب نما ہوا

پس $\frac{2}{3}$ و $\frac{4}{9}$ و $\frac{16}{27}$ و $\frac{8}{81}$ و $\frac{16}{243}=\frac{2\times(243\div 3)}{243}$ و $\frac{4\times(243\div 9)}{243}$ و

$\frac{16\times(243\div 27)}{243}$ و $\frac{8\times(243\div 81)}{243}$ و $\frac{16\times(243\div 243)}{243}=\frac{162}{243}$ و $\frac{108}{243}$ و

$\frac{144}{243}$ و $\frac{24}{243}$ و $\frac{16}{243}$ = جواب

(۹) $\frac{4}{7}$ و $\frac{3}{10}$ و $\frac{5}{12}$ و $\frac{17}{35}$ و $\frac{4}{63}$ و $\frac{15}{28}$ کا حل $7, 10, 12, 35, 63, 28 \mid 28$ ، $\times 9, 5 \times$

∴ $28\times 9\times 5=1260$ مختصر نسب نما ہوا پس $\frac{4}{7}=\frac{180\times 4}{1260}$ و $\frac{3}{10}=\frac{120\times 3}{1260}$ و $\frac{5}{12}$

$=\frac{105\times 5}{1260}$ و $\frac{17}{35}=\frac{36\times 17}{1260}$ و $\frac{4}{63}=\frac{20\times 4}{1260}$ و $\frac{15}{28}=\frac{45\times 15}{1260}$ پس کسور مطلوبہ یہ ہوئیں

$\frac{720}{1260}$ و $\frac{525}{1260}$ و $\frac{612}{1260}$ و $\frac{80}{1260}$ و $\frac{675}{1260}$ = جواب

(۱۰) $\frac{11}{27}$ و $\frac{17}{24}$ و $\frac{5}{6}$ و $\frac{7}{15}$ و $\frac{2}{9}$ و $\frac{35}{36}$ کا حل ۲۷ و ۲۴ و ۶ و ۱۵ و ۹ و ۳۶ / ۳ و ۲ و ۲ و ۵ و ۳

$36\times5\times2\times3=1080$ مختصر و متحد نسب نما ہوا پس $\frac{11}{27}=\frac{40\times11}{1080}$ و $\frac{17}{24}=\frac{45\times17}{1080}$ و $\frac{5}{6}=\frac{180\times5}{1080}$ و $\frac{7}{15}=\frac{72\times7}{1080}$ و $\frac{2}{9}=\frac{120\times2}{1080}$ و $\frac{35}{36}=\frac{30\times35}{1080}$ پس کسور مطلوبہ یہ ہوئیں

$\frac{440}{1080}$ و $\frac{765}{1080}$ و $\frac{900}{1080}$ و $\frac{504}{1080}$ و $\frac{240}{1080}$ و $\frac{1050}{1080}$ = جواب

(۱۱) $\frac{3}{5}$ و $\frac{7}{10}$ و $\frac{6}{25}$ و $\frac{11}{30}$ و $\frac{13}{45}$ و $\frac{23}{60}$ کا حل ۵ و ۱۰ و ۲۵ و ۳۰ و ۴۵ و ۶۰ / ۲ و ۵ و ۵ و ۳ و ۳

$60\times3\times5=900$ مختصر و متحد نسب نما ہوا پس $\frac{3}{5}=\frac{180\times3}{900}$ و $\frac{7}{10}=\frac{90\times7}{900}$ و $\frac{6}{25}=\frac{36\times6}{900}$ و $\frac{11}{30}=\frac{30\times11}{900}$ و $\frac{13}{45}=\frac{20\times13}{900}$ و $\frac{23}{60}=\frac{15\times23}{900}$ پس کسور مطلوبہ یہ ہوئیں

$\frac{540}{900}$ و $\frac{630}{900}$ و $\frac{216}{900}$ و $\frac{330}{900}$ و $\frac{260}{900}$ و $\frac{345}{900}$ = جواب

(۱۲) $\frac{5}{7}$ و $\frac{11}{12}$ و $\frac{2}{15}$ و $\frac{8}{27}$ و $\frac{9}{35}$ و $\frac{17}{40}$ کا ۷ و ۱۲ و ۱۵ و ۲۷ و ۳۵ و ۴۰ / ۲ و ۳ و ۳ و ۲۷ و ۷ و ∴ $40\times7\times27=7560$

۷۵۶۰ مختصر و متحد نسب نما ہیں پس $\frac{5}{7}=\frac{1080\times5}{7560}$ و $\frac{11}{12}=\frac{630\times11}{7560}$ و $\frac{2}{15}=\frac{504\times2}{7560}$ و $\frac{8}{27}=\frac{280\times8}{7560}$ و $\frac{9}{35}=\frac{216\times9}{7560}$ و $\frac{17}{40}=\frac{189\times17}{7560}$ پس کسور مطلوبہ یہ ہوئیں

$\frac{5400}{7560}$ و $\frac{6930}{7560}$ و $\frac{1008}{7560}$ و $\frac{2240}{7560}$ و $\frac{1944}{7560}$ و $\frac{3213}{7560}$ = جواب

سوالات نمبری (۳۰) جمع کسور

(۱) $\frac{4}{7}+\frac{2}{7}+\frac{6}{7}+\frac{5}{7}+\frac{3}{7}$ کو جمع کر حل $\frac{4}{7}+\frac{2}{7}+\frac{6}{7}+\frac{5}{7}+\frac{3}{7}=$

$\frac{20}{7}=2\frac{6}{7}$ = جواب

(۲) $\frac{1}{2}+\frac{1}{3}+\frac{7}{8}+\frac{5}{12}$ حل ۲ و ۳ و ۸ و ۱۲ / ۲ و ۲ و ۳ ∴ $12\times2=24$ مختصر نسب نما کے

پس $\frac{1}{2}+\frac{1}{3}+\frac{7}{8}+\frac{5}{12}=\frac{12\times1}{24}+\frac{8\times1}{24}+\frac{3\times7}{24}+\frac{2\times5}{24}=$

$\frac{12+8+21+10}{24}=\frac{51}{24}=\frac{17}{8}=2\frac{1}{8}$ = جواب

(۳) $\frac{1}{2}+\frac{3}{4}+\frac{5}{6}+\frac{7}{9}$ حل یہاں مختصر نسب نما ۲ و ۴ و ۶ و ۹ / ۲ و ۳ ∴ $6\times2\times3=36$

پس $\frac{1}{2}+\frac{3}{4}+\frac{5}{6}+\frac{7}{9}=\frac{1\times(36\div2)}{36}+\frac{3\times(36\div4)}{36}+\frac{5\times(36\div6)}{36}+$

$\frac{(۳۶ \div ۹)\times ۷}{۳۶} = \frac{۱۸}{۳۶} + \frac{۲۷}{۳۶} + \frac{۳۰}{۳۶} + \frac{۲۸}{۳۶} = \frac{۱۰۳}{۳۶} = ۲\frac{۳۱}{۳۶}$ = جواب

مختصر نسب نما ہوا

(۴) $\frac{۱۳}{۱۸} + \frac{۸}{۱۵} + \frac{۱۱}{۲۰} + \frac{۱۳}{۳۰}$ حل [illegible] ∴ $۱۸۰ = ۲ \times ۳ \times ۳۰$

$\frac{۱۳}{۱۸} + \frac{۸}{۱۵} + \frac{۱۱}{۲۰} + \frac{۱۳}{۳۰} = \frac{۱۰\times۱۳}{۱۸۰} + \frac{۱۲\times۸}{۱۸۰} + \frac{۹\times۱۱}{۱۸۰} + \frac{۶\times۱۳}{۱۸۰} =$

$\frac{۱۳۰+۹۶+۹۹+۷۸}{۱۸۰} = \frac{۴۰۳}{۱۸۰} = ۲\frac{۴۳}{۱۸۰}$ = جواب

(۵) $\frac{۲}{۳} + \frac{۱}{۶} + \frac{۵}{۹} + \frac{۱۱}{۱۲}$ حل [illegible] ∴ $۳۶ = ۳ \times ۱۲$ پس

$\frac{۲}{۳} + \frac{۱}{۶} + \frac{۵}{۹} + \frac{۱۱}{۱۲} = \frac{۱۲\times۲}{۳۶} + \frac{۶\times۱}{۳۶} + \frac{۴\times۵}{۳۶} + \frac{۳\times۱۱}{۳۶} = \frac{۲۴+۶+۲۰+۳۳}{۳۶} = \frac{۸۳}{۳۶}$

$= ۲\frac{۱۱}{۳۶}$ = جواب

(۶) $\frac{۷}{۸} + \frac{۷}{۱۲} + \frac{۷}{۱۶} + \frac{۷}{۱۸}$ حل [illegible] $۱۸ \times ۸ = ۱۴۴$ نسب نما مختصر ہوا

پس $\frac{۷}{۸} + \frac{۷}{۱۲} + \frac{۷}{۱۶} + \frac{۷}{۱۸} = \frac{۱۸\times۷}{۱۴۴} + \frac{۱۲\times۷}{۱۴۴} + \frac{۹\times۷}{۱۴۴} + \frac{۸\times۷}{۱۴۴}$

$= \frac{۱۲۶+۸۴+۶۳+۵۶}{۱۴۴} = \frac{۳۲۹}{۱۴۴} = ۲\frac{۴۱}{۱۴۴}$ = جواب

(۷) $\frac{۳}{۱۰} + \frac{۱۳}{۱۵} + \frac{۱}{۵} + \frac{۴}{۹}$ حل [illegible] ∴ $۱۵ \times ۳ \times ۲ = ۹۰$ مختصر نسب نما ہوا

پس $\frac{۳}{۱۰} + \frac{۱۳}{۱۵} + \frac{۱}{۵} + \frac{۴}{۹} = \frac{۹\times۳}{۹۰} + \frac{۶\times۱۳}{۹۰} + \frac{۱۸\times۱}{۹۰} + \frac{۱۰\times۴}{۹۰} =$

$\frac{۲۷+۷۸+۱۸+۴۰}{۹۰} = \frac{۱۶۳}{۹۰} = ۱\frac{۷۳}{۹۰}$ = جواب

(۸) $\frac{۱۱}{۷۰} + \frac{۵}{۲۱} + \frac{۱}{۵} + \frac{۱۷}{۴۲}$ حل [illegible] ∴ $۷۰ \times ۳ = ۲۱۰$

مختصر نسب نما ہوا پس $\frac{۱۱}{۷۰} + \frac{۵}{۲۱} + \frac{۱}{۵} + \frac{۱۷}{۴۲} = \frac{۳\times۱۱}{۲۱۰} + \frac{۱۰\times۵}{۲۱۰} + \frac{۴۲\times۱}{۲۱۰} + \frac{۵\times۱۷}{۲۱۰}$

$= \frac{۳۳+۵۰+۴۲+۸۵}{۲۱۰} = \frac{۲۱۰}{۲۱۰} = ۱$ = جواب

(۹) $۲\frac{۱}{۲} + ۳\frac{۱}{۳} + ۴\frac{۱}{۴} + ۵$ حل ۲ و ۳ و ۴ ∴ $۳ \times ۴ = ۱۲$ یہ مختصر نسب نما مشترک کسور کا ہوا

پس $\frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۴} = \frac{۶\times۱}{۱۲} + \frac{۴\times۱}{۱۲} + \frac{۳\times۱}{۱۲} = \frac{۶+۴+۳}{۱۲} = \frac{۱۳}{۱۲} = ۱\frac{۱}{۱۲}$

یہ جمع کسور ہوئی پس $۲+۳+۴+۵+۱\frac{۱}{۱۲} = ۱۵\frac{۱}{۱۲}$ = جواب

(۱۰) $۳\frac{۳}{۸} + ۲\frac{۵}{۶} + \frac{۷}{۱۲} + ۳\frac{۴}{۹}$ حل [illegible] ∴ $۱۲ \times ۳ \times ۲$

$= ۷۲$ یہ مختصر نسب نما مشترک کسور کا ہوا پس $\frac{۳}{۸} + \frac{۵}{۶} + \frac{۷}{۱۲} + \frac{۴}{۹} =$

$\frac{9\times3}{72}+\frac{12\times5}{72}+\frac{6\times7}{72}+\frac{8\times4}{72}=\frac{27+60+42+32}{72}=\frac{161}{72}$

$=2\frac{17}{72}$ یہ حاصل جمع کسور ہوا پس $3+2+3+2+2\frac{17}{72}=10\frac{17}{72}$ = جواب

(۱۱) $2\frac{2}{3}+\frac{3}{5}+4+5+\frac{5}{6}$ حل ۳ و ۵ و ۶ = ۳۰ مختصر نسب نما مشترک کسور کا ہوا

پس $\frac{2}{3}+\frac{3}{5}+\frac{5}{6}=\frac{10\times2}{30}+\frac{6\times3}{30}+\frac{5\times5}{30}=\frac{20+18+25}{30}=\frac{63}{30}$

$=\frac{21}{10}=2\frac{1}{10}$ یہ حاصل جمع کسور ہوا پس $2+4+5+2\frac{1}{10}=13\frac{1}{10}$ = جواب

(۱۲) $1\frac{3}{8}+\frac{1}{6}+\frac{5}{18}+2\frac{1}{12}$ حل ۸ و ۶ و ۱۸ و ۱۲ (۱۸ ∴ $18\times4=72$

مختصر نسب نما کسور ہوا پس $\frac{3}{8}+\frac{1}{6}+\frac{5}{18}+\frac{1}{12}=\frac{9\times3}{72}+\frac{12\times1}{72}+\frac{4\times5}{72}+\frac{6\times1}{72}=\frac{27+12+20+6}{72}=\frac{65}{72}$ یہ جمع کسور ہوئی پس $1+2+\frac{65}{72}=3\frac{65}{72}$ = جواب

(۱۳) $\frac{2}{27}+11\frac{5}{54}+2\frac{7}{45}+\frac{1}{10}$ حل ۲۷ و ۵۴ و ۴۵ و ۱۰ (۵۴ ∴ $54\times5=270$

مختصر نسب نما ہوا پس $\frac{2}{27}+\frac{5}{54}+\frac{7}{45}+\frac{1}{10}=\frac{10\times2}{270}+\frac{5\times5}{270}+\frac{6\times7}{270}+\frac{27\times1}{270}=\frac{20+25+42+27}{270}=\frac{114}{270}=\frac{19}{45}$ یہ حاصل جمع کسور ہوا پس

$11+2+\frac{19}{45}=13\frac{19}{45}$ = جواب

(۱۴) $\frac{11}{12}+\frac{14}{15}+\frac{26}{27}+\frac{39}{40}$ حل ۱۲ و ۱۵ و ۲۷ و ۴۰ (۴۰ ∴ $27\times40=$

۱۰۸۰ مختصر نسب نما مشترک ہوا پس $\frac{11}{12}+\frac{14}{15}+\frac{26}{27}+\frac{39}{40}=\frac{90\times11}{1080}+\frac{72\times14}{1080}+\frac{40\times26}{1080}+\frac{27\times39}{1080}=\frac{990+1008+1040+1053}{1080}=\frac{4091}{1080}=3\frac{851}{1080}$ = جواب

(۱۵) $3\frac{1}{42}+\frac{5}{21}+\frac{31}{63}+1\frac{11}{14}$ حل ۴۲ و ۲۱ و ۶۳ و ۱۴ (۶۳ ∴ $63\times2=$

